Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — پیر، 19 ستمبر 2022ء، 22 صفر 1444ھ، 5 اسوج 2079 بم، قیمت 20 روپے — شمارہ 140

وزیراعلیٰ پنجاب کا تلہ گنگ کے ہسپتال کو اپ گریڈ اور بستروں کی تعداد 100 تک بڑھانے کا اعلان

مخالفین کی سیاست صرف نمود و نمائش تک محدود ہے: پرویز الٰہی

وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی سے ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز کی ملاقاتیں، ارکان اسمبلی نے سیلاب زدگان کی مدد کیلئے وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کے اقدامات کو سراہا

مسلم لیگ ن کی حکومت نے پنجاب میں میرے دور کے فلاحی منصوبوں کو سیاسی انا کی بھینٹ چڑھایا۔ ن لیگ نے میرے عوامی منصوبے روک کر پنجاب کے عوام سے زیادتی کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے وزیراعلیٰ آفس میں ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے ملاقاتیں کیں۔ رکن پنجاب اسمبلی حافظ عمار یاسر، راسخ الٰہی، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ پنجاب محمد خان بھٹی، سابق صدر بینک آف پنجاب ہمیش خان اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی سے ملاقات کرنے والوں میں ایم این اے سردار ذوالفقار علی خان دولہہ، فوزیہ بہرام، ملک، فدا حسین، ضلعی صدر پیر وقار حسین، سرگودھا سے ٹکٹ ہولڈر اسامہ میلہ اور دیگر شامل تھے۔ ان ملاقاتوں میں عمومی سیاسی صورتحال اور حلقوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ ارکان اسمبلی نے سیلاب زدگان کی مدد کیلئے وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کی قیادت میں پنجاب حکومت کے اقدامات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے تلہ گنگ کے ہسپتال کو اپ گریڈ اور بستروں کی تعداد 100 تک بڑھانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ تلہ گنگ سمیت پنجاب کے دور دراز علاقوں میں ترقی نظر آئے گی۔ پسماندہ اور نظرانداز کردہ علاقوں کو مساوی ترقی دی جائے گی۔ ترقیاتی منصوبے ارکان اسمبلی کی مشاورت سے تشکیل دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت نے پنجاب میں (بقیہ نمبر 27)

گیس صارفین کی جیبوں سے 120 ارب اضافی وصولی کا پلان

گیس ٹیرف میں اضافے سے مجموعی طور پر 786 ارب کی وصولی کا امکان ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ 750 ارب روپے سے تجاوز کر گیا۔ حکومت نے گیس صارفین کی جیبوں سے مزید 120 ارب روپے اضافی وصول کرنے کا پلان کر لیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ (بقیہ نمبر 24)

قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول، آٹا نایاب، شہری خوار ہو گئے

اوپن مارکیٹ میں گندم کی قیمت بڑھی تو چکی مالکان نے بھی آٹے کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا

لاہور (بیورو چیف) ملک کے مختلف شہروں میں آٹے کی قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول ہو گئیں جس کے باعث لاہور کے متعدد علاقوں میں آٹا دستیاب ہی نہیں، عوام آٹے کیلئے مارے مارے پھرنے پر مجبور ہو گئے۔ (بقیہ نمبر 25)

ڈالر کی قیمت کو آج بھی قابو کرنا ممکن ہے: اسحاق ڈار

ہم سٹہ بازوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں، سابق وزیرخزانہ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وزیرخزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ڈالر کی قیمت کو آج بھی قابو کرنا ممکن ہے، ڈالر کی قیمت کو نیچے لانا چاہئے، میں غیر سیاسی ہو کر بات کر رہا ہوں کہ (بقیہ نمبر 26)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے سرگودھا سے ٹکٹ ہولڈر اسامہ میلہ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستانی عوام بھی سیلاب متاثرین کیلئے عطیات فراہم کر رہی ہے، وزیراعظم شہباز شریف

سیلاب متاثرین کی بحالی کا عمل جلد مکمل کیا جائیگا

وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب متاثرین کیلئے 70 ارب روپے مختص کیے ہیں، پاکستانی عوام بھی سیلاب متاثرین کیلئے عطیات فراہم کر رہی ہے

ہر سیلاب متاثرہ خاندان کو 25 ہزار روپے دے رہے ہیں، سیلاب متاثرین کیلئے صوبائی حکومتیں اور این ڈی ایم اے مل کام کر رہی ہیں اور افواج پاکستان بھی سیلاب متاثرین کی مدد میں پیش پیش ہیں

سیلابی صورتحال میں دوست اور برادر ممالک تعاون کر رہے ہیں جبکہ حکومت پاکستان اور صوبائی حکومتیں فرض کی ادائیگی کر رہی ہیں، لندن میں میڈیا سے گفتگو

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب متاثرین کیلئے 70 ارب روپے مختص کیے ہیں اور کوشش ہے سیلاب متاثرین کی بحالی کا عمل جلد مکمل کیا جائے گا۔ لندن میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام بھی سیلاب متاثرین کیلئے عطیات فراہم کر رہی ہے اور ہر سیلاب متاثرہ خاندان کو 25 ہزار روپے دے رہے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ سیلاب متاثرین کیلئے صوبائی حکومتیں اور این ڈی ایم اے مل کام کر رہی ہیں اور افواج پاکستان بھی سیلاب متاثرین کی مدد میں پیش پیش ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیلابی صورتحال میں دوست اور برادر ممالک تعاون کر رہے ہیں جبکہ حکومت پاکستان اور (بقیہ نمبر 48)

وزیراعظم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے 23 ستمبر کو خطاب کریں گے

یو این جی اے کے اجلاس میں شہباز شریف سیلاب سے پیدا ہونیوالی صورتحال کو اجاگر کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے 23 ستمبر کو خطاب کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف حالیہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث ملک میں تباہ کن سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال کو اجاگر اور موسمیاتی تبدیلی سے درپیش شدید خطرات کے حوالے (بقیہ نمبر 39)

فواد چوہدری نے ممبر الیکشن کمیشن سندھ نثار درانی کی تعیناتی چیلنج کر دی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن کے سندھ سے ممبر نثار درانی کی تعیناتی چیلنج کر دی، (آج) پیر کو سماعت ہوگی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری (بقیہ نمبر 40)



کراچی: وفاقی وزیر احسن اقبال سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا جائزہ لے رہے ہیں

پی ڈی ایم نے قوم کو مہنگائی کے سمندر میں ڈبو دیا ہے

نیب ترامیم کالعدم ہوں گی اور 1 کروڑ اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق ملے گا

حکمرانوں کے 150 کرپشن ریفرنس کی واپسی کو سپریم کورٹ بحال کریگی، شیخ رشید احمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد کا کہنا ہے کہ پاکستان ڈیموکریٹک الائنس (پی ڈی ایم) نے قوم کو مہنگائی کے سمندر میں ڈبو دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری بیان میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ ملک میں مہنگائی کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے ہیں، پی ڈی ایم نے قوم کو مہنگائی کے سمندر میں ڈبو دیا ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ حکمرانوں کے 150 کرپشن ریفرنس کی (بقیہ نمبر 28)

5 سے 11 سال تک کے بچوں کو کورونا ویکسین لگانے کا آغاز

بچوں کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسین کی دوسری خوراک 21 دن بعد لگوائی جائیں

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے ایک شخص جاں بحق ہوا جبکہ 90 مثبت کیسز سامنے آئے

اسلام آباد (حمزہ لطیف) ملک بھر میں 5 سے 11 سال کی عمر تک کے بچوں کو کورونا ویکسین لگانے کا آغاز ہو گیا۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کے مطابق ملک بھر میں 5 سے 11 سال کی عمر تک کے بچوں کو کورونا وائرس سے بچانے کیلئے ویکسین تمام مراکز پر بلکل مفت دستیاب ہے۔ این آئی ایچ کی جاری کردہ ہدایات میں بتایا گیا ہے کہ بچوں کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسین کی دوسری (بقیہ نمبر 41)

حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ہر ممکن سپورٹ کریگی: مفتاح اسماعیل

حکومت برآمدات کے ہدف کو حاصل کرنے کے لئے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو ہر ممکن تعاون کرے گی

حکومت آئندہ موسم سرما میں ٹیکسٹائل انڈسٹری کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے

لاہور (بیورو چیف) وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے اپٹا کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت برآمدات کے ہدف کو حاصل کرنے کے لئے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو ہر ممکن سپورٹ کرے گی، حکومت موسم سرما میں انڈسٹری کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر خزانہ کی اپٹا وفد سے ملاقات کے موقع پر وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق اور چیئرمین ایف بی آر بھی ان کے ہمراہ تھے جبکہ گورنر سٹیٹ بینک آن لائن شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ حکومت آئندہ موسم سرما (بقیہ نمبر 34)

معیشت زوال پزیر، مہنگائی بڑھ رہی ہے، عاطف اکرام شیخ

درست اقتصادی فیصلے ہی ملک کو بچا سکتے ہیں، صدارتی امیدوار ایف پی سی سی آئی

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی کے صدارتی امیدوار عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ معیشت کے حالت مسلسل بگڑ رہی ہے، دس دن میں ڈالر کی قیمت (بقیہ نمبر 29)

کراچی: سردار اختر مینگل اور پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اسٹیج پر بیٹھے ہیں

کینیڈا میں خالصتان ریفرنڈم، بھارت بوکھلاہٹ کا شکار

بھارت ریفرنڈم سے گھبرا کر خود ہی مندر پر حملے اور نعرے لکھنے میں ملوث ہے، مظاہرین

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا میں خالصتان ریفرنڈم سے پہلے ہی بھارت گھبرا گیا اور اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے ریفرنڈم کو رکوانے کے لیے سرگرم ہو گیا۔ مقامی (بقیہ نمبر 42)

سیلاب متاثرہ علاقوں میں 40 لاکھ خواتین اور بچوں کو مختلف بیماریوں کا سامنا

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں 40 لاکھ خواتین اور بچے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہیں جنہیں فوری امداد نہ ملی تو زندگیوں کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اقوام متحدہ اور دیگر اداروں نے حکومت کو خبردار کر دیا۔ رواں سال کے تباہ کن سیلاب کے بعد جنم لینے والی بیماریوں نے لاکھوں افراد خصوصاً بچوں اور خواتین کی زندگیوں کو داؤ پر لگا دیا ہے

کنٹریکٹ چھپانے کی پاداش میں پاکستانی شہری کو سزا

وزارت تجارت نے مکہ کی فوجداری عدالت کی طرف سے جاری عدالتی فیصلہ شائع کر دیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت تجارت نے مکہ مکرمہ میں کنٹریکٹ سیکٹر میں معاملات کو چھپانے کے جرم میں عدالت سے سزا پانے والے ایک سعودی اور پاکستانی شہری کی تشہیر کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ کیس ایک کمرشل عمارت سے (بقیہ نمبر 43)



اسپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے ملاقات کر رہے ہیں

تحریک انصاف کو بڑا جھٹکا، پیپلز پارٹی نے اہم وکٹ گرا دی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی نے تحریک انصاف کو بڑا جھٹکا دیدیا، لیاقت پور سے ایم این اے مخدوم مبین عالم پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے صاحبزادے قاسم گیلانی نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر تحریک انصاف کے ایم (بقیہ نمبر 49)

آسٹریلیا کا پاکستان کیلئے مزید 30 لاکھ ڈالرز امداد کا اعلان

آسٹریلیا کی جانب سے امداد ورلڈ فوڈ پروگرام کے ذریعے فراہم کی جائے گی، بیان

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا نے پاکستان میں سیلاب متاثرین کے لیے مزید 30 لاکھ ڈالرز امداد کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلین وزیر برائے بین الاقوامی ترقی پیٹ کونرے نے اپنے ایک بیان میں کہا سیلاب سے پاکستان کا ایک تہائی حصہ متاثر ہوا ہے

الیکشن اور آرمی چیف کی تقرری ہماری مرضی سے ہوگی: فضل الرحمان

مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ آرمی چیف عمران خان نے نہیں وزیراعظم نے لگانا ہے

پنجاب اسمبلی میں عمران خان کا خط تو مانا جاتا ہے لیکن چوہدری شجاعت کا نہیں، یہ قابل افسوس ہے

پشاور (نمائندہ خصوصی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ الیکشن اور آرمی چیف کی تقرری ہماری مرضی سے ہوگی۔ پشاور میں پارٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ آرمی چیف عمران خان نے نہیں وزیراعظم نے لگانا ہے، یہ کال دیتا ہے کچھ نہیں ہونیوالا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اسمبلی میں عمران خان کا خط تو مانا جاتا ہے لیکن چوہدری شجاعت کا نہیں۔

نواز شریف کی زیر صدارت اہم اجلاس آج ہوگا

وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف و دیگر رہنما شریک ہونگے

لاہور (بیورو چیف) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی زیر صدارت اہم اجلاس آج ہوگا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف، (بقیہ نمبر 35)

گندم درآمد کرنیکا اجازت نامہ جاری کیا جائے: فلور ملز مالکان

اوپن مارکیٹ میں فی 100 کلو گندم 9100 روپے تا 9200 روپے کے درمیان فروخت کی جا رہی ہے

ایک ماہ قبل گندم کی فی 100 کلو قیمت 7800 روپے تھی جبکہ فی کلو آٹے کی قیمت 82 روپے تھی، چوہدری عامر

کراچی (بیورو چیف) فلور ملز مالکان نے گندم کے ذخیرہ اندوزوں کی کمر توڑنے کیلئے فوری طور پر گندم درآمد کرنے کا اجازت نامہ جاری کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین چوہدری عامر نے بتایا کہ اوپن مارکیٹ میں فی 100 کلو گندم 9100 روپے تا 9200 روپے کے درمیان فروخت کی جا رہی ہے جبکہ فلور ملز مالکان تھوک میں فی کلو گرام آٹا 105 (بقیہ نمبر 30)

لاہور: کالا شاہ کاکو انٹر چینج ایم ٹو موٹروے پر تیز رفتار وین کا ٹائر پھٹنے سے زخمی ہونے والے مسافروں کو ریسکیو اہلکار طبی امداد دے رہے ہیں

پاکستان کی روس سے گندم اور خام تیل کی درآمد کا امکان

اسلام آباد (بیورو چیف) ملک بھر میں گندم کی قیمتوں میں کمی آنا شروع ہو گئی۔ کاروباری حلقوں کے مطابق اس کا ایک سبب داخلی اور دوسرا بیرونی ہے۔ گندم کی مارکیٹ اور فلور ملز مالکان نے ایک سروے (بقیہ نمبر 47)

پاکستان کو ڈیزاسٹر پیکیج دیا جانا چاہیے، امریکی سینیٹر باب مینڈیز

سینیٹر باب مینڈیز نے امریکا میں مقیم پاکستانیوں کو عارضی تحفظ درجہ دینے کا بھی مطالبہ کیا ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی خارجہ تعلقات کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر باب مینڈیز نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی (بقیہ نمبر 36)

ترکیہ گیس کی راہداری کیلئے محفوظ ترین ملک ہے، پیوتن

یوکرین سے برآمد کردہ اناج غریب ممالک کو بھیجا جائے گا، ترک صدر سے ملاقات

ماسکو (این این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پیوتن نے کہا ہے کہ قدرتی گیس کی ترسیل کے معاملے میں ترکیہ نے یورپ سمیت محفوظ ترین راہداری میں سے ایک کی حیثیت حاصل کر لی ہے، ترکیہ گیس کی ترسیل میں محفوظ ترین راہداریوں میں سے ایک بن گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات انہوں نے شنگھائی تعاون تنظیم (بقیہ نمبر 33)

افغانستان پاکستانی طالبان کو حوالے کریگا نہ ان کیخلاف ایکشن لے گا، تجزیہ کار

کراچی (بیورو چیف) سینئر صحافی و تجزیہ کاروں نے کہا ہے کہ افغانستان نہ تو پاکستانی طالبان کو حوالے کریں گے نہ ان کے خلاف ایکشن لیں گے، پروگرام میں سینئر صحافی اور تجزیہ کار طاہر خان، افتخار فردوس (بقیہ نمبر 31)

جنوبی پنجاب کی سیاست میں اہم پیشرفت، دو بڑے سیاسی گھرانوں میں 10 سال بعد صلح

اسلام آباد (چیف رپورٹر) جنوبی پنجاب کی سیاست میں بڑا بریک تھرو، دو بڑے سیاسی گھرانوں میں 10 سال بعد صلح ہو گئی۔ جہانگیر ترین اور مخدوم احمد محمود کے خاندانوں میں دس سال سے جاری (بقیہ نمبر 45)

پاکستان میں بیماریوں اور اموات کا خطرہ ہے، ڈبلیو ایچ او

ڈبلیو ایچ او 10 ملین ڈالر کے بعد امداد کے لیے نئی اپیل جاری کرے گا، سربراہ ٹیڈروس

نیویارک (این این آئی) عالمی ادارہ صحت نے خبردار کیا ہے کہ سیلاب کے بعد پاکستان میں بیماریوں اور اموات کی صورت میں دوسری آفت کا خطرہ ہے۔ ڈبلیو (بقیہ نمبر 45)

جیکب آباد: سیلاب سے متاثرہ شخص خیمے میں بیماری کی حالت میں بے یار و مددگار مدد کا منتظر ہے

شیلا جیکسن نے سیلاب متاثرین کی فوری امداد کی اپیل کر دی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی رکن کانگریس شیلا جیکسن نے پاکستان کے سیلاب متاثرین کے لیے آواز اٹھا دی۔ شیلا جیکسن نے کہا ہے کہ پاکستان میں حد نگاہ تک پانی ہی پانی ہے، سیلاب کا پانی نکلنے میں چھ ماہ سے زائد کا عرصہ لگ سکتا ہے۔

بجلی کے بلوں میں عوام دشمن ٹیکسوں کو فی الفور ختم کیا جائے: زیب برکی

مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئی عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈالنے سے گریز کیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اورنگ زیب برکی نے بجلی کے بلوں میں لگائے گئے مختلف قسم کے چارجز کی وصولی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئی عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈالنے سے گریز کیا جائے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ بجلی کے بلوں میں عوام دشمن ٹیکسوں کو فی الفور ختم کیا جائے

فوری الیکشن تحریک انصاف کی نہیں ملک کی ضرورت ہے

پنجاب کے ضمنی انتخابات میں کامیابی تحریک انصاف پر عوامی اعتماد کا اظہار ہے، پرویز الٰہی ایک عملی سیاستدان ہیں

انقلاب ہماری دہلیز پر دستک دے رہا ہے، پرامن انتخاب کے ذریعے رستہ فراہم کیا جائے، چیئرمین تحریک انصاف

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ فوری انتخابات تحریک انصاف کی نہیں بلکہ ملک کی ضرورت ہے، پرامن انتخابات کے ذریعے انقلاب کا راستہ فراہم کیا جائے۔ چیئرمین تحریک انصاف کی پنجاب کابینہ کے اراکین سے ملاقات ہوئی، جس میں عمران خان نے کابینہ ارکان کو پنجاب کے ضمنی انتخاب میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ پنجاب کے ضمنی انتخابات میں کامیابی تحریک انصاف پر عوامی اعتماد کا اظہار ہے، پرویز الٰہی ایک عملی سیاستدان ہیں، ہم نے بھرپور ساتھ دینا ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 44)

چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کو سیلاب بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوں گی یا نہیں؟ حکومت مخمصے کا شکار

کراچی (بیورو چیف) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوں گی یا نہیں؟ حکومت مخمصے کا شکار، اوگرا نے کم کرنے کی تجویز دیدی، اتحادی جماعتیں بھی ریلیف کی خواہاں ہیں تاہم وزارت خزانہ کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے پر زور دیا ہے۔ مقررہ وقت سے 2 (بقیہ نمبر 37)

یونیسیف کی پاکستان میں ہنگامی امداد کی اپیل

اسلام آباد (چیف رپورٹر) اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسیف نے پاکستان میں ہنگامی امداد کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیلاب میں گھرے لاکھوں بچوں کی زندگیاں خطرے میں ہیں۔ بچوں کی بہبود کے عالمی ادارے یونیسیف نے کہا کہ تقریباً 34 لاکھ (بقیہ نمبر 38)

ڈالر کی قیمت کو مستحکم رکھنے کیلئے حکومت کا ایف آئی اے کو ٹاسک

کراچی (بیورو چیف) ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر سے ملک کے تمام زونل دفاتر کو مراسلے تحریر کیے گئے ہیں کہ ڈالر کی اونچی اڑان کو روکنے کیلئے تمام مشتبہ منی چینجرز اور حوالہ ہنڈی کرنیوالوں کیخلاف فوری کریک ڈاون شروع کیا جائے۔ چیف آف اسٹاف برائے ڈائریکٹر جنرل جاوید قمر نے تمام زونل ڈائریکٹرز، اے ڈی جی اے ایم ایل / (بقیہ نمبر 32)

بجلی صارفین کیلئے نئے سلیب ریٹ مقرر کر دیئے گئے

100 یونٹ پر 13.48 روپے، 200 یونٹ پر 18.58 روپے قیمت ہوگی

لاہور (بیورو چیف) بجلی کے غریب صارفین کے بلوں میں سبسڈی ختم کر دی گئی، 100 یونٹ استعمال کرنے والوں کیلئے بھی بجلی کی بھاری قیمت مقرر کر دی گئی، ذرائع کے مطابق 100 یونٹ کے استعمال پر فی یونٹ نرخ 7.74 سے بڑھا کر 13.48 روپے کر دیا گیا۔

بجلی کے بل میں اضافے کیخلاف شہری بچوں سمیت پریس کلب کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں

عوامی للکار Daily Awami Lalkaar روزنامہ راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاکستان میں دہشت گردی افغان حکومت کے خلاف دوٹوک موقف اختیار کیا جائے

پاک افغان بارڈر کے قریب دہشت گردوں کی اطلاع پر سی ٹی ڈی نے کارروائی کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گرد ضلع خیبر میں داخل ہوکر بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کررہے تھے۔ دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں میں اکرام اللہ، مرسلا خان، ارشاد اور ایک نامعلوم دہشت گرد شامل ہے۔ دہشت گردوں سے 3 کلاشنکوف، 12 میگزین، 2 دستی بم، 3 درجن کارتوس ملے۔ دہشت گردوں کا تعلق کالعدم تنظیم داعش سے ہے۔ تین دہشت گرد تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے واپس افغان بارڈر کی طرف فرار ہوگئے۔

افغانستان سے پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردی کی کارروائیاں جس طرح پھر سے شروع ہوگئی ہیں، ان سے افغان حکومت کی پاکستان کے بارے میں معاندانہ سوچ کی عکاسی ہوتی ہے۔ گزشتہ برس جب طالبان کی حکومت قائم ہوئی تو اس کی طرف سے یہ اعلان کیا گیا تھا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے، لیکن اس کے بعد تحریک طالبان پاکستان نے افغانستان میں رہتے ہوئے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کیں۔ اب پھر جو دہشت گرد سی ٹی ڈی کی کارروائی کے نتیجے میں ہلاک ہوئے ہیں، وہ بھی افغانستان ہی سے آئے تھے۔ چنانچہ جو دہشت گرد زندہ بچ گئے، وہ رات کی تاریکی میں واپس افغانستان کی طرف فرار ہوگئے۔

حقیقت یہ ہے کہ افغانستان کے اندر سے دہشت گردوں کا پاکستان کے خلاف متحرک ہونا ہماری سلامتی کیلئے چیلنج ہے۔ اب پاکستان کی طرف سے افغانستان کو اس سلسلے میں رسمی احتجاج کرنے کے بجائے واضح اور دوٹوک انداز میں جواب دینے کی ضرورت ہے۔ ان دہشت گردوں کو یقینی طور پر بھارتی خفیہ ایجنسی را کی حمایت اور سرپرستی حاصل ہوگی۔ بہتر ہے کہ حکومت پاکستان یہ معاملہ اقوام متحدہ میں بھی اٹھائے جس کا افغانستان بھی ایک رکن ہے اور افغان حکومت کو اس پلیٹ فارم سے انتباہ کیا جائے کہ وہ ہمسایہ ملک کے خلاف اپنی سرزمین دہشت گردی کیلئے استعمال ہونے سے روکے اور دہشت گردوں کے خلاف ضروری اقدامات کرے۔

آزاد غلام

محمد سلیم ملک
malik.sal3em@gmail.com

ہم شروع دن سے سنتے آئے ہیں کہ ہم ایک آزاد ملک کے آزاد شہری ہیں، اس جیسی آزادی دنیا کے کسی کونے میں نہیں ملے گی۔ لیکن کس چیز کی آزادی؟ کس سے آزادی؟ کس لیے آزادی؟ یہ کسی کو نہیں پتا۔ کیا راہ چلتے انسان کا لٹ جانا اور اس پر کسی قسم کی کوئی کاروائی نہ ہونا یہ ہے آزادی؟ چھوٹی سی بات پر قتل کردینا اور قاتل کا نہ پکڑے جانا یہ ہے آزادی؟ دس سال کی بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانا اور پھر تشدد کر کے اسے جان سے مار ڈالنا آزادی ہے؟ پچاس پچاس سال عدالتوں کے چکر لگانا اور مرنے کے بعد انصاف پانا یہ ہے آزادی؟ کوئی حق کے لیے آواز اٹھائے تو اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دینا یہ ہے آزادی؟

آج ہمارا آزاد ملک عجیب قسم کی سیاسی، معاشی اور سماجی کسمپرسی کا شکار ہے، امیر امیر تر اور غریب بے گھر ہو رہا ہے۔ قانون بنانے والوں کو یہ نہیں پتا کہ اس پر عمل درآمد کیسے کروانا ہے اور جنہوں نے عملدرآمد کروانا ہے وہ سیاست کی شطرنج کھیلنے میں لگے ہوئے ہیں۔ آزاد ملک کے صحافیوں کا منہ بند کرنے کے لئے دن دھاڑے اٹھا لیا جاتا ہے، چینل بند کروا دیئے جاتے ہیں، اگر پھر بھی کسی کی آواز باہر آجائے تو اسے ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیا جاتا ہے، ناظم جوکھیو کی والدہ سے زبردستی صلح نامے پر انگوٹھے لگوا لیے جاتے ہیں۔

اگر کبھی غریب عوام کے لیے کسی دوسرے ملک سے تیل کے سستے معاہدے کی بات کر دے تو اس پر ہمارے حکمران کہتے پائے جاتے ہیں کہ "Beggars can't be choosers".

اگر ہم واقعی آزاد ہیں تو یہ خوف کس کا ہے؟ کیا واقعی ہم کبھی آزاد تھے؟ یا پھر ہمیں عادت ہے غلامی کی؟

پہلے ہمیں Central Asian اور Middle East کے حکمرانوں کی چاکری کرنے پر مجبور تھے، چاکری اس لیے کہ انہوں نے اپنے لوگوں کو غلام بنا کر رکھا، تعلیم سے محروم رکھا، اپنی عیش و مسرت میں پڑے رہے اور بالآخر انگریزوں نے ان سے سب کچھ دبوچ لیا، بلکہ کچھ ضمیر فروش بیرونی حملہ آوروں کو مدد فراہم کرتے اور پوری قوم کو کسی نئے آقا کی غلامی کرنے پر مجبور کر دیتے تھے، برطانیہ کی باری آئی تو اس میں بھی ہمارے نااہل حکمرانوں اور چند غداروں نے غلاموں کو تاج برطانیہ کو بیچ دیا، ان سے آزادی ملی ہی تھی تو اپنے ہی جرنیلوں سے واسطہ پڑ گیا۔ سیاست دانوں کی تو بات ہی چھوڑ دیں، ان کو تو کرپشن سے پیسہ بنانے سے فرصت نہیں ملتی عوام کا خاک سوچیں گے، رہی سہی کسر مولانا حضرات نے نکال دی، ہمیشہ اللہ کے غذب سے ڈرایا، لیکن یہ نہیں بتاتے کہ اللہ انسان سے کتنا پیار کرتا ہے۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ کوئی بھی خود سے نہ سوچے بلکہ اس پر یقین کرے جو ہم نے بتا دیا ہے۔ اور فرقہ واریت کو اتنا بڑھا دیا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے پر کفر کے فتوے لگا کر مار رہا ہے۔

سوچنا اور اس سوچ کو حقیقت میں بدلنا کفر نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ "اے جن و انس کے گروہ اگر چاہو تو آسمان کے کناروں سے باہر نکل جاؤ لیکن تم وہاں بھی اپنے رب کی قدرت کو دیکھو گے" جیسے اقبال نے فرمایا کہ "ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں" لیکن نہیں ہماری سوچ کو اتنا رجڑ بنا دیا ہے کہ لوجک کی جگہ ہی نہیں بچی۔۔۔ مولوی ہمیشہ ایسے مسئلے بتائے گا جو سب کو پتا ہیں، لیکن کبھی بھی معاشرتی مسائل پر بات نہیں کرے گا، کیوں؟ کیوں کہ اس نے مدرسے میں جو مار کھائی ہے اس سے اس کے دل سے رحم والا عنصر نکل گیا ہے، معاشرے کی برائیاں اسے نظر نہیں آئیں گی، اگر غریب ہوگا تو کسی ملک کے نیچے لگ جائے گا، تھوڑا بہتر ہوگا تو اپنے آپ کو بیچنا شروع کر دے، اور میں نے اپنے کانوں سے ایسے مولوی سنے ہیں جو جوش خطابت میں قرآن کا غلط ترجمہ کر جاتے ہیں۔ ہر مولوی چاہتا ہے کہ اس کی حیثیت بھی قاضی جیسی ہو، جو کہ کبھی ہوتی تھی۔

لیکن نہیں میرے بھائی ہمیں نبی کے دور کی جدوجہد بتاؤ، لوگوں کی تہذیب بتاؤ، تمدن بتاؤ، انصاف کا نظام کیسا تھا، کیوں عمر کے دور میں کوئی صدقہ خیرات لینے والا نہیں بچا تھا، کاروباری نظام کے بارے میں بتاؤ، پولیٹیکل سسٹم کا بتاؤ، ان کی فارن پالیسیز کے بارے میں بتا، یہ بتاؤ انکا دوسرے ممالک سے لین دین کیسا تھا، کیسے وہ ترقی کر رہے تھے؟ یہ بتاؤ۔

ان تمام مندرجہ بالا باتوں کو مدنظر رکھ کر سوچیں کہ کیا واقعی ہم آزاد ہیں یا نئے حکمرانوں نے غلامی کا نام تبدیل کر کے آزادی رکھ دیا ہے؟--

"آفت زدہ قوم"



تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

اس وقت ویسے تو پوری دنیا آفتوں اور مصیبتوں میں گھری ہے لیکن ہم ذکر کر رہے ہیں پاکستان کا جو آفاتستان بنا ہوا ہے جس میں ایک مصیبت ختم ہوتی ہے تو دوسری شروع ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے قرضوں پر چلنے والا ملک مزید قرضوں میں جکڑتا جارہا ہے جب کورونا شروع ہوا تو اس وقت عمران خان کی حکومت تھی کورونا نے پوری دنیا کی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا قرض دینے والے ممالک قرض لینے پر مجبور ہوگئے امریکا جیسے ملک میں وفاق میں تنخواہیں دینے کے پیسے نہیں تھے لوگ بھوک کی وجہ سے سڑکوں اور امدادی کیمپوں میں تھے معاشی لحاظ سے طاقتور ترین ممالک بھی پریشان ہوگئے ایسے حالات میں معاشی طور پر کمزور ممالک کی کیا حالت ہوگی کورونا نے پاکستان میں تباہی مچا کر رکھ دی دس لاکھ افراد بیروزگار ہوئے اور ہزاروں اموات ہوئیں ابھی کورونا کے اثرات کم ہی ہوئے تھے کہ ملک میں موسلا دھار بارشوں نے سیلابی کیفیت اختیار کر لی اور پورے ملک کو تہس نہس کر کے رکھ دیا بلوچستان، سندھ، کے پی کے، پنجاب، گلگت و آزاد کشمیر ہر جگہ سیلاب نے تباہی مچا دی لوگوں کے گھر، مال ہر چیز پانی کی نظر ہوگئے نظام زندگی درہم برہم ہوگیا اس خونی سیلاب نے کم و بیش دو ہزار سے تین ہزار جانیں نگل لیں جبکہ پاکستان کو اربوں روپے کا نقصان ہوا پچھلے دنوں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس پاکستان تشریف لائے اور انہوں نے سیلاب سے متاثرہ صوبوں کا وزٹ کیا اور عالمی برادری کو آفت زدہ پاکستان کی امداد کرنے کی اپیل کی کیونکہ لاکھوں پاکستانی اپنے گھروں سے محروم ہوگئے ہیں جو بے سروسامانی کے عالم میں کھلے آسمان تلے بیٹھے ہیں اور امداد کے منتظر ہیں اس مصیبت ماروں کی مصیبتیں ختم نہیں ہوئیں بلکہ اور بڑھ گئی ہیں پانی کے ٹھہرنے کی وجہ سے مچھر کی افزائش شروع ہوگئی ہے اس میں عام مچھر بھی ہے اور ڈینگی بھی ڈینگی مچھر نے ملک میں خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے اور مصیبت میں گھرے لوگوں کو اور مصیبت میں ڈال دیا ہے سیلاب کی وجہ سے ہسپتالوں پر پہلے ہی بوجھ تھا اس ڈینگی نے ہسپتالوں کا نظام درہم برہم کر دیا ہے جسکی وجہ سے کورونا وارڈز کو ڈینگی وارڈز میں تبدیل کر دیا گیا ہے ڈینگی سے متاثرہ مریضوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے جس کی تعداد دس ہزار سے بڑھ چکی ہے اس خطرناک مچھر اب تک ہاف درجن لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار چکا ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے اس حوالے سے ہنگامی اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے اور وزیر صحت عبدالقادر پٹیل اس حوالے سے خاصے متحرک نظر آ رہے ہیں ملک میں جاری عدم استحکام نے عام آدمی کی زندگی کافی اجیرن بنا دی ہے سیاستدان سیٹ سیٹ کھیل رہے ہیں اپوزیشن جس کا مقصد حکومت کو عوامی خدمت کی طرف راغب کرنا ہے اور حکومتی نااہلیوں کی نشاندہی کرنا ہے وہ اس وقت اقتدار کیلئے پر تول رہی ہے تحریک انصاف اور عمران خان آفت زدہ پاکستانیوں کے زخموں پر مرہم رکھیں اور کچھ وقت کیلئے حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کرتے ہوئے حکومت کو سیلاب اور ڈینگی کے متاثرین کی طرف متوجہ کریں حالات دن بدن خراب سے خراب تر ہوتے جارہے ہیں چاروں صوبے بشمول وفاق و گلگت بلستان و آزاد کشمیر وقتی طور پر تو الرٹ ہیں اور ڈینگی سے متعلق آگاہی مہم چلا رہے ہیں کہ عوام احتیاط کریں فل آستینوں والے کپڑے پہنیں مچھر کی افزائش صاف پانی میں ہوتی ہے گھروں میں کھلا پانی ڈھانپ کر رکھیں ٹائرز یا گملوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں رات کو لوشن یا مچھر دانی کا استعمال کریں پارکوں اور کھلی جگہوں پر احتیاط کریں یہاں ڈینگی اپنا کام دکھا سکتا ہے۔ اس حوالے سے سندھ اور پنجاب گورنمنٹ بھرپور آگاہی مہم چلا رہی ہے جبکہ وفاق بھی اس حوالے سے کیمپین چلانے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ ڈینگی سے عوام کی حفاظت کی جاسکے اس وقت ملک میں عدم استحکام اور غیر یقینی کی کیفیت کی وجہ سے عوامی مسائل میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے وفاقی وزراء اور کابینہ میں موجود افراد تاحال کام نہ کرنے کی پالیسی اپنائے ہوئے ہیں یہی کام عمران خان کی کابینہ میں موجود وزراء کا تھا کہ اگر کوئی کام کی غرض سے وزراء یا مشیران سے ملنے چلا جاتا تو آگے سے ایسا برا سلوک کیا جاتا تھا کہ سائل اپنی پریشانی بھول کر نئی پریشانی میں مبتلا ہوجاتا تھا یہی حال شہباز شریف کی کابینہ کا ہے کوئی کسی کا کام کرنے کو تیار نہیں راشن اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے پیسے دینے سے پہلے خواتین کو کہا جاتا ہے کہ ہم سے فون پر باتیں کرو اور تعلقات بناؤ شرم کا مقام ہے۔ ملک میں مہنگائی ڈبل ٹرپل ہوچکی ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف جو گڈ گورننس کیلئے مشہور ہیں عوام ان کی راہ تک رہی ہے مافیا 100 والی چیز 500 میں بیچ رہا ہے ایسے مافیا کو لگام ڈالنے کی ضرورت ہے بجلی کے بلوں میں اضافے نے عام آدمی کو تقریباً مار دیا ہے مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں محمد نواز شریف اور مریم نواز بھی اس مہنگائی سے پریشان نظر آتے ہیں اور موجودہ حکومت سے کئی بار ناراضگی کا اظہار بھی کر چکے ہیں موجودہ حکومت کو عوام کو فی الفور ریلیف دینا ہوگا یہ قوم پچھلے تین چار سال سے مسلسل آفتوں اور مصیبتوں کا شکار ہے خدارا اس قوم کا سوچ لیں انہیں ان آفات سے نجات دلائیں ملک میں مہنگائی نے پنجے گاڑ رکھے ہیں مہنگائی کا خاتمہ کریں تاکہ عوام سکھ کا سانس لے۔ اس موقع پر عالمی برادری بھی فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگے آئے اور پاکستان کی مدد کرے کیونکہ اکیلا پاکستان ان آفات کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ عالمی برادری پاکستان کے تمام قرض معاف کرے اور اسے بلاسود قرض فراہم کرے تاکہ یہ ملک اپنے پاؤں پر کھڑا ہوسکے۔ اس کے علاوہ تمام پاکستانی مصیبت کی اس گھڑی میں آگے آئیں اور مصیبت میں گھرے اپنے تمام بہن بھائیوں کی مدد کریں۔ بطور قوم ہم اپنی افواج کے مشکور ہیں جو ہر طرح کی مصیبت اور مشکلات میں ہمیشہ قوم کی خدمت میں پیش پیش رہی ہے ہم امریکہ اور خصوصاً شیلا جیکسن اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سمیت ان تمام ممالک کے شکرگزار ہیں جنہوں نے اس مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا ہے۔ اپنے حکمرانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ عوام پر اپنے دروازے کھول دیں ان کے مسائل حل کریں۔ اپوزیشن فی الحال یہ کرسی کرسی کا کھیل بند کرے اور عوام کو ریلیف دلانے اور عوامی مسائل حل کرانے میں اپنا کردار ادا کرے۔

آلو بخارا صحت کے لیے بہت مفید ہے

خشک آلو بخارا اپنے کھٹے میٹھے ذائقے کے باعث کھانے میں بہت پسند کیا جاتا ہے، خشک آلو بخارا کھانے میں بہت مزیدار لگتا ہے اور اسے کھانوں میں ذائقے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ آلو بخارا صحت کے لیے بہت مفید ہے لیکن اگر اسے خشک کر کے استعمال کیا جائے تو یہ کئی طرح کے کینسر بالخصوص بڑی آنت کے کینسر کے لیے بہت مفید ہے۔ ذائقے اور لذت کے ساتھ ساتھ یہ حیرت انگیز فوائد سے بھی مالا مال ہے، خشک آلو بخارا وٹامن کے، آئرن، فائبر، پوٹاشیم اور بیٹا کیروٹین سے بھرپور ہوتا ہے۔ خشک آلو بخارے کا جوس جسم میں آئرن کی کمی کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔ آئرن کی کمی کے سبب خون کے سرخ خلیات میں کمی واقع ہوتی ہے جو انیمیا یعنی خون کی کمی کا سبب بنتی ہے۔ آلو بخارے کے جوس کا آدھا کپ جسم کو تین میل گرام آئرن فراہم کرتا ہے، اسطرح خون کی کمی کے مسئلے سے باآسانی نمٹا جا سکتا ہے۔ آلو بخارے فائبر سے بھرپور پھل ہے اور یہ وہ جز ہے جو آنتوں کے افعال کو بہتر کر کے قبض کو ختم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ایک آلو بخارے میں ایک گرام فائبر ہوتا ہے جو کہ جسم کے لیے مناسب مقدار ہے، اسی طرح اس میں موجود دیگر اجزاء بھی نظام ہضم کے مسائل پر قابو پانے کے لیے موثر ثابت ہوتے ہیں۔ خشک آلو بخارا پوٹاشیم سے بھرپور ہونے کے سبب دل کے مناسب افعال کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ پوٹاشیم کے استعمال سے بلڈ پریشر کو معمول پر رکھنے میں مدد ملتی ہے اور امراض قلب، ہارٹ اٹیک، فالج اور غشی جیسے امراض کا خطرہ کم ہوجاتا ہے۔ خشک آلو بخارا جسم کی پوٹاشیم کی ضرورت پوری کرنے میں مدد دیتا ہے۔

معاشرے کی اصلاح کی آج بہت ضرورت ہے، قوی خان

نصاب میں تبدیلی کر کے طلبہ کو ملک سے محبت، اخلاقیات اور قوانین سے آگاہی کا درس دیا جائے



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار قوی خان نے کہا ہے کہ معاشرے کی اصلاح کی جس قدر آج ضرورت ہے شاید اس سے پہلے کبھی نہ تھی، آج لوگ برائی پر نادم ہونے کی بجائے فخر کرتے ہیں جو اخلاقی زوال کی انتہا ہے، نوجوان نسل کو سمت دکھانے کی ضرورت ہے اور اس کے لئے والدین اپنا کردار ادا کریں بصورت دیگر ایک وقت آئے گا جب سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں بچے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اگر ہم لوگ انفرادی اور اجتماعی جائزہ لیں تو کوئی بھی شخص اپنا کردار ادا کرنے کو تیار نہیں اور بھیڑ چال کی صورتحال ہے۔ پہلے ماں باپ اور بڑے لوگ نوجوان نسل کی تربیت کرتے تھے۔

میری شادی پاکستانی گلوکار علی ظفر سے نہیں ہو رہی، ریچا چڈا

علی ظفر پاکستانی گلوکار و اداکار ہیں اور یہ کہ وہ پہلے سے ہی شادی شدہ ہیں

ممبئی (این این آئی) بولی وڈ اداکارہ نے ایک بھارتی صحافی کی جانب سے اپنی شادی سے متعلق کی گئی غلط ٹوئٹ پر وضاحت کی ہے کہ علی ظفر پاکستانی اداکار و گلوکار ہیں جو پہلے سے ہی شادی شدہ ہیں۔ بھارتی اخبار 'ہندوستان ٹائمز' کے مطابق ٹائمز آف انڈیا کی ہندی ویب سائٹ سے وابستہ صحافی پرشانت جین نے ٹوئٹ کی کہ ریچا چڈا آئندہ ماہ اکتوبر میں علی ظفر سے شادی کرنے جا رہی ہیں۔ صحافی نے دعویٰ کیا کہ علی ظفر اور ریچا چڈا کی شادی 7 اکتوبر کو ہوگی۔ اگرچہ صحافی نے ٹوئٹ میں پاکستانی اداکار و گلوکار علی ظفر کو مینشن کیا، تاہم انہوں نے انہیں پاکستانی نہیں لکھا۔

اداکارہ صائمہ سے شادی کو دس سال تک چھپائے رکھا

دونوں کے خاندان ہی ان کی شادی ختم کروانے کی کوششیں کرتے رہے، سید نور

لاہور (آئی آئی پی) پاکستان کے معروف فلمساز سید نور کا کہنا ہے کہ انہوں نے اداکارہ صائمہ سے شادی تو کی مگر کچھ مجبوریوں کی وجہ سے اسے ایک دہائی تک دنیا سے چھپائے رکھا۔ حال ہی میں سید نور ایک نجی ٹی وی پروگرام میں شریک ہوئے جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی اور اداکارہ صائمہ سے شادی سمیت کئی موضوعات پر گفتگو کی۔ فلمساز سید نور نے اس شو میں پہلی بار اعتراف کیا کہ انہوں نے اداکارہ صائمہ سے شادی کی بات کو قریب ایک دہائی تک خفیہ رکھا تھا ساتھ ہی انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا کہ ان دونوں کے خاندان ہی ان کی شادی ختم کروانے کی کوششیں کرتے رہے۔ سید نور نے انٹرویو کے دوران بتایا کہ ان کی پہلی اہلیہ رخسانہ نور گھریلو خاتون تھیں، وہی انہیں فلموں میں لائے۔

میرا دعویٰ ہے اصل موسیقی کو کوئی زوال نہیں، سائرہ نسیم

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ سائرہ نسیم نے کہا ہے کہ میرا دعویٰ ہے کہ اصل موسیقی کو کوئی زوال نہیں، موسیقی میرا جنون ہے اور جب تک میری سانسیں باقی ہیں اس فن سے وابستہ رہوں گی۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے سائرہ نسیم نے کہا کہ بہت سے لوگ خود کو غزل گائیک کہتے ہیں لیکن اس فن پر عبور کسی کسی کو حاصل ہوتا ہے، ہر کوئی غزل نہیں گا سکتا اس کے رموز کو سمجھنا پڑتا ہے اور اس کیلئے کئی سالوں کی محنت درکار ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے جب بھی میڈم نور جہاں کو خراج تحسین کیلئے کسی تقریب میں بلایا جاتا ہے تو میں فوری اسکی حامی بھرتی ہوں۔

قوالی کی بدولت پاکستان کی دنیا بھر میں منفرد پہچان ہے، راحت

سادہ سے فارمولے پر یقین رکھتا ہوں باادب بامراد اور بے ادب بے مراد

لاہور (این این آئی) نامور گلوکار راحت فتح علی خان نے کہا ہے کہ صوفیانہ کلام اور قوالی کی بدولت پاکستان کی دنیا بھر میں منفرد پہچان ہے، میں نے دنیا کے ان ممالک میں جا کر بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا ہے جہاں لوگ پاکستان کے نام

شعیب ملک کو گزشتہ سال ہی ریٹائرمنٹ کا مشورہ دیا تھا

شعیب ملک نے 21، 22 سال پاکستان کی بہترین خدمت کی، محمد حفیظ کا انکشاف



اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان محمد حفیظ نے انکشاف کیا ہے کہ شعیب ملک کو گزشتہ سال ہی ریٹائرمنٹ کا مشورہ دیا تھا۔ ایک انٹرویو میں سابق کپتان محمد حفیظ نے کہا کہ شعیب ملک نے 21، 22 سال پاکستان کی بہترین خدمت کی، اتنے طویل عرصے اپنی فٹنس کو برقرار رکھنا اور ملک کی نمائندگی کرنا کوئی آسان کام نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ افسوس تو اس وقت بھی ہوا جب وہ ون ڈے کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا اعلان کر چکے تھے مگر الوداعی میچ نہیں دیا گیا۔ محمد حفیظ نے کہا کہ شعیب ملک خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں میچ کھلانا چاہیے تھا، اپنے کرکٹرز کو عزت سے رخصت کرنے کے معاملے میں ہماری مینجمنٹ ہمیشہ کمزور رہی ہے۔ قبل ازیں ٹی 20 ورلڈکپ میں شعیب ملک کو اسکواڈ کا حصہ نہ بنانے پر سابق کرکٹرز سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد نے سلیکشن کمیٹی کے ہیڈ محمد وسیم کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔

بھارتی صحافی کا سوال ٹھیک نہیں تھا، رمیز راجا

رمیز راجہ نے ایشیا کپ فائنل کے بعد بھارتی صحافی سے الجھنے کی وجہ بیان کر دی



کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ رمیز راجا نے ایشیا کپ فائنل کے بعد بھارتی صحافی سے الجھنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ صحافی کا سوال ٹھیک نہیں تھا۔ اپنے یوٹیوب چینل پر رمیز راجہ نے کہا کہ مذکورہ صحافی کا سوال ٹھیک نہیں تھا، فائنل میں شکست پر پوری پاکستانی قوم ناراض ہیں، میں یہ پوچھتا ہوں کہ اسے کیسے معلوم ہوا کہ سب لوگ اس ٹیم سے خوش نہیں ہیں؟ یہ بھڑکانے والی باتیں ہوتی ہیں، بہر حال وہ ایک واقعہ تھا جو ہوگیا۔ یاد رہے کہ مذکورہ صحافی نے رمیز سے سوال کیا تھا کہ ایشیا کپ فائنل میں شکست پر مایوس تمام پاکستانی شائقین کو وہ کیا

پاکستان ہاکی فیڈریشن نے قومی سینئر ہاکی ٹیم مینجمنٹ کا اعلان کردیا

صدر پی ایچ ایف بریگیڈیئر (ر) خالد سجاد کھوکھر نے پاکستان ہاکی ٹیم مینجمنٹ کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے قومی سینئر ہاکی ٹیم مینجمنٹ کا اعلان کر دیا، صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن بریگیڈیئر (ر) خالد سجاد کھوکھر کی منظوری کے بعد سیکرٹری جنرل پی ایچ ایف حیدر حسین نے قومی سینئر ہاکی ٹیم مینجمنٹ کا اعلامیہ جاری کر دیا۔ قومی سینئر ہاکی ٹیم کی مینجمنٹ میں سعید خان منیجر، کوچز پینل میں سیگفرائیڈ ایکمین، ایاز محمود، محمد عثمان شیخ، عمران بٹ اور محمد علی خان اسسٹنٹ کوچ ہونگے، ابوذر امراو ویڈیو اینالسٹ، رانا نصراللہ فزیکل ٹرینر ہونگے۔ یکم نومبر تا 10 نومبر ملائشیا میں کھیلے جانے والے سلطان اذلان شاہ ہاکی کپ میں شرکت کیلئے پاکستان ہاکی ٹیم کی تشکیل اور تیاری کے سلسلہ میں قومی سینئر ہاکی کا تربیتی کیمپ 25 ستمبر سے عبدالستار ایدھی ہاکی سٹیڈیم کراچی میں منعقد ہوگا۔

پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کا پریکٹس سیشن، کھلاڑی آپس میں گھل مل گئے، ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) پاکستان کے دورے پر آئی انگلش ٹیم کی پریکٹس سیشن کے دوران پاکستانی کھلاڑیوں سے گھلنے ملنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ گزشتہ روز ... سوشل میڈیا پر دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کی ایک دوسرے سے اچھے انداز میں ملنے اور بات چیت کرنے کی ویڈیو شیئر کی گئی ہے۔ ویڈیو میں شان مسعود کو انگلش ...

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز 20 ستمبر سے شروع ہوگی

سات میچوں پر سیریز کراچی اور لاہور میں کھیلی جائے گی، میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا

شاہین آفریدی کے جلد بولنگ کرنے کا آغاز کرنے کا امکان

فیصل ہائی پرفارمنس سینٹر کے بولنگ کوچ آئندہ ہفتے انگلینڈ جائیں گے



اداکارہ ریشم نے پیرس سے آیا رشتہ ٹھکرانے کی وجہ بتادی

میں چھوٹے دل کے شخص کے ساتھ نہیں رہ سکتی، ایسے لوگ پسند نہیں

سیف اور ہرتیک ایک دوسرے سے پنجہ آزمائی کیلئے تیار

سیف علی خان ایک پولیس افسر جبکہ ہریتک روشن ایک گینگسٹر کا کردار ادا کریں گے



بقیہ 1

دہشت گردی لہر کے دوران قبائلی عوام کا جانی و مالی نقصانات کے علاوہ روایات اور پورا سسٹم تباہ ہوا ہے جس کی وجہ سے عوام ہر طرح سے متاثر ہوئے ہیں اور شدید ذہنی تنا کا شکار ہیں۔ دوبارہ اس قسم کے حالات کیلئے تیار نہیں ہے بلکہ عوام کے اندر ایک خوف کی فضا قائم ہے کہ اللہ نہ کریں ایک بار پھر حالات پلٹ کر اس طرف نہ چلے جائیں۔ جہاں سے ہم بمشکل نکل چکے ہیں۔ اور دوبارہ علاقہ میدان جنگ نہ بن جائیں۔ سابقہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام نے موجودہ بگھڑتی صورتحال پر سخت مذاہمت دکھاء۔ اور امن مارچ کا راستہ اختیار کرتے ہوئے حکمرانوں اور دنیا کو امن کا پیغام دیا کہ ہم دہشت گردی نہیں اور نہ اپنی مٹی پر وہی پرانی حالات دیکھنا چاہتے ہیں بلکہ امن چاہتے ہیں۔ امن مارچ ایک عوامی آگاہی مہم ہے جس کے بہت اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ اور یہ مہذب قوم کی علامت ہوتی ہے۔ مگر ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہم نے امن مارچ کے ذریعے اتحاد و اتفاق کا ایک اچھا پیغام تو دے دیا مگر پھر اس اتفاق اور ایجنڈے کو اگلے روز اختلافات کا شکار بنانا ہماری کمزوری اور بدنظمی کو ظاہر کرتی ہے۔ حالانکہ اتحاد و اتفاق کو برقرار رکھ کر سیاسی اختلافات ایک طرف رکھنا چاہئیے اور عوامی و علاقاء مفاد کے ایجنڈے کو آگے بڑھانا چاہئیے انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ موجودہ بگھڑتی ہوء صورتحال کی بنیادی وجہ ریاستی اداروں اور قبائلی عوام کے مابین پائے جانے والی خلا ہے جس کو دور کرنے سے حالات معمول پر لا سکتے ہیں۔ ہماری ریاستی اداروں کی غلط پالیسوں کی وجہ سے عوام میں اپنے ہی اداروں کے خلاف نفرت پیدا ہوء ہے جس کے لئے ضروری ہے کہ ہماری فوج اور دیگر ریاستی ادارے قبائلی عوام سے قریبی روابط استوار کر کے عوام میں گھل مل جائیں تب ہی عوام کا اداروں پر اعتماد بحال ہو جائے گا۔ قبائلی عوام کا یہ بھی گلہ ہے کہ ریاستی اداروں کا پنجاب۔ اسلام آباد اور کراچی کے لوگوں کے ساتھ الگ رویہ جبکہ قبائلی عوام جس نے ملک و قوم کے لئے جانی و مالی قربانیاں دیئے ہیں اور محب وطن شہری ہیں کے لئے دوسرا رویہ ہے۔ ہمیں دہشت گرد۔ تحریک کار اور ملک دشمن سمجھ رہے ہیں جس کی وجہ سے ریاستی اداروں سے عوام کا اعتماد اٹھ چکا ہے۔ لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ ریاستی ادارے قبائلی عوام سے روابط بڑھا کر ناراضگی دور کرے اور اعتماد کی بحالی کیلئے پالیسی بنائے۔ اور قبائلی عوام کو پاکستانی شہری تسلیم کر کے سینے سے لگائے۔ اور جو سلوک ملک کے دیگر شہریوں سے ہو رہا ہے وہی سلوک قبائلی عوام سے بھی روا رکھی جائے تب ہی پائیدار امن کا قیام اور تمام مسائل خود بخود حل ہونگے۔ دوسری بات یہ کہ دہشت گردی کے دوران تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی از سر نو بحالی اور فاٹا کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دلا کر عوام کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں

بقیہ 2

سوہدرن روڈ، آئی ایس آئی، ترامڑی، رہاڑہ، آزاد شہید، لہتراڑ روڈ، مسلم آباد، گلزار شہید، قائد آباد، احسن آباد، پیرودھائی، باغ سرداراں، ڈھوک حسو، مین بازار، مدینہ ٹاؤن، مورت، تلہ گنگ سٹی، بلکوال، ای ایم ای کمپلکس، جھنگی، پی اینڈ ٹی وی، اظہر آباد، سی ڈبلیو او، شمس کالونی، گولڑہ، زرکون ہائٹس، زراج، ڈھوک اعوان، نیو روات، سپارکو، مورہ نگیال، ساغر پور، عبداللہ پور، سی ڈبلیو او، جلال پور شریف، این سی آئی (ٹوبہ)، منڈی بھلوال، ترپال، کریالہ، چکرال، کٹاریاں، آفندی کالونی، نون، کیپٹن عامر فیڈرز اور گرد و نواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گرد و نواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 3

درج کر کے ملزم حیدر کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، بچوں اور خواتین پر تشدد، زیادتی ناقابل برداشت ہے اس حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 4

کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور اولین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات 8 8 4ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 28 مسافر 573 اور 119 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 264 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی دارالحکومت 279 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 74 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ دوسرے اور گوجرانوالہ 54 حادثات میں 25 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ ان ٹریفک حادثات کے کل 4 6 9 متاثرین میں 4 9 7 مرد اور 170 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 180 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم اور 520 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 264 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 783 موٹر سائیکلز، 68 آٹو رکشے 91 موٹر کاریں، 16 وین 08 مسافر بسیں، 25 ٹرک اور 94 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 5

کو ملنے والے کھانے کے معیار کو بھی چیک کیا اور جلوس انتظامیہ سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ جلوس کو صرف مقررہ راستوں اور وقت پر ختم کیا جائے، تمام شرکاء جلوس کی شناخت کی تصدیق اور جامہ تلاشی کو یقینی بنایا جائے، ہر اہلکار کو اس کے ڈیوٹی پوائنٹ پر بروقت کھانا پہنچایا جائے اور پولیس جلوس مجالس کے اختتام تک ڈیوٹی پر موجود رہے گی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز نے چہلم امام حسین علیہ السلام کے مرکزی جلوس پر مامور دو جوانوں کو نقد انعام سے بھی نوازا۔ دونوں جوان چھت ڈیوٹی پر مامور کیے گئے تھے۔ ڈی پی او نے کہا کہ اپنی ڈیوٹی ایمان داری سے کرنے والے جوانوں پر فخر ہے۔

بقیہ 6

گرام، تھانہ بھلوال سٹی پولیس نے عبدالرحمان سے پسٹل 30 بور، علی سے پسٹل 30 بور، تھانہ جھاوریاں پولیس نے احسن سے پسٹل 30 بور اور تھانہ سلانوالی پولیس نے علی سے پسٹل 30 بور برآمد کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف منشیات فروشی اور ناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں جبکہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تھانہ سٹی پولیس نے سلیم، تھانہ پھلروان پولیس نے شاہد، وقاص، اقبال اور تھانہ سٹی بھلوال پولیس نے شاہد کو گرفتار کر لیا ہے۔ اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تھانہ للکیاں پولیس نے سنی کو گرفتار کر لیا ہے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف حسب ضابطہ قانونی کاروائی شروع کر دی گئی ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 7

منشیات فروش اقراء سے 1 کلو 100 گرام چرس، منشیات فروش عمیر سے 1 کلو 800 گرام چرس اور منشیات فروش سہیل سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ایس پی پوٹھوہار نے صدر واہ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 8

کر کے بچے کا میڈیکل پراسس کروایا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے اپنی زیرنگرانی ملزم کی گرفتاری کے ٹیم تشکیل دی اور ملزم کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے اے ایس آئی عدنان ایس ایچ او کی سربراہی ملزم فیضان کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ تمام زاویوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ملزم سے تفتیش کی جارہی ہے بچے کا میڈیکل پراسیس بھی کروا لیا گیا ہے ملزم کو ٹھوس شواہد کیساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا

بقیہ 9

والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 10

بعد 133 روپے سے بڑھ کر 143 روپے ہو گئی۔ 200 ملی لیٹر (ایم ایل) باڈی واش 30 روپے تک مہنگا کر دیا گیا جبکہ 275 گرام ڈش واش کی قیمت میں 50 روپے تک اضافے کے بعد 90 روپے سے بڑھ کر 140 روپے کا ہو گیا ہے۔ یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹشو پیپر کے ڈبے کی قیمت میں بھی 11 روپے تک اضافہ کیا گیا جبکہ 800 ایم ایل کیڑے مار اسپرے کی قیمت میں 300 روپے اضافے کے بعد 800 ایم ایل کیڑے مار لکوئڈ 490 روپے سے بڑھ کر 790 روپے کا ہو گیا۔ نوٹیفکیشن میں 300 گرام شہد کے جار کی قیمت میں 60 روپے، سبز قہوہ کے 45 گرام پیک کی قیمت میں 20 روپے، 250 گرام میکرونی کی قیمت میں 11 روپے، 66 گرام نوڈلز کی قیمت میں 5 روپے جبکہ اچار، مختلف برانڈز کے بسکٹ، جیلی اور صرف کی قیمت میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

انتہائی ضروری "ہائی ٹیک مین فورس" کا لازمی جزو بننے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ ان خواتین ٹرینیز نے کارگو ہینڈلنگ، آفس مینجمنٹ، چائنیز لینگویج، کرین آپریشن اور فنانشل اکاؤنٹنگ سمیت پانچ تجارتوں میں سائٹ پر ہنرمند اور پیشہ ورانہ تربیت حاصل کی۔ گوادر پرو کے مطابق ان کا تعلق 6 ماہ کے کورس کے پہلے بیچ سے تھا جو پی سی ٹی اینڈ وی آئی نے ٹیکنیکل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل کمیشن آف پاکستان (این اے وی ٹی اے سی) کے تعاون سے پرائم منسٹر یوتھ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت کروایا تھا

بقیہ 12

ہونے والی کالز کو یکساں اہمیت دی جائے، موصول شدہ کالز پر پولیس کی کارروائی کا فالو اپ لازمی حاصل کیا جائے۔ گشت کے نظام کو مزید مؤثر کیا جائے، حساس اور بار بار واردات والی جگہوں پر گشت بڑھائی جائے۔

بقیہ 13

نے ڈیوٹی سرانجام دی، ایلیٹ فورس اور محافظ اسکواڈ کے جوان اہم چرچ ہائے مسیحی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کناں رہے اس کے علاوہ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک پولیس کے جوان بھی الرٹ رہے۔

بقیہ 14

ہوئے سرانجام دیا گیا گوجرخان کی تاریخ میں مہر غلام عباس ہرل کا نام تاریخی الفاظ میں یاد رکھا جائے گا اور مافیاز کی آنے والی نسلیں بھی اس نام کو یاد رکھیں گی جو کام مہر غلام عباس ہرل نے گوجرخان کی عوام کے لیے کیا کوئی بھی اسسٹنٹ کمشنر اس کام کو سرانجام نہ دے سکا کیونکہ جب بھی کوئی اے سی تجاوزات مافیاز کے اوپر ہاتھ ڈالتا تو اس کا گوجرخان سے ٹرانسفر ہوجاتا موجودہ اسسٹنٹ کمشنر کے راستے میں بھی بہت سی رکاوٹیں ڈالی گئیں رشوت لینے کے الزامات بھی لگائے گے تمام تر الزامات بھی دم توڑ گے ٹرانسفر بھی ہوا مگر محض 2 دن کے اندر ٹرانسفر واپس ہوئی معاملات کو ہائی کورٹ لے جایا گیا وہاں سے بھی رٹ پٹیشن خارج ہوگی مگر مافیاز کے تمام حربے کارگر ثابت نہ ہوئے اور مہر غلام عباس ہرل اکیلا مرد مجاہد تجاوزات مافیاز کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑا رہا کچھ فیک آئی ڈیز والوں نے اے سی گوجرخان اور انجمن تاجران کے صدر پر بہت الزامات لگائے کہ اے سی گوجرخان انجمن تاجران کے صدر راجہ جواد کی انڈر پاس موجود پاکستان سویٹ اینڈ بیکرز کے خلاف کاروائی نہیں کرتے کیوں پیسے لیے مگر آج جب آپریشن ہوا تو بلاتفریق ہوا اور چھوٹے دکاندار سے لیکر بڑے دکاندار کے خلاف ہوا انجمن تاجراں کے صدر نے بھی زندہ دلی کا مظاہرہ کیا اور نوٹسز جاری ہونے کے ساتھ ہی سامان وغیرہ اٹھا لیا تھا باقی پلر اور دکان کے اوپر جو کیبن بنا تھا سب کے ساتھ مسمار ہوا تمام الزامات اور من گھڑت کہانیاں بنانے والوں کی چہ میگوئیاں آج اس وقت دم توڑ گئیں جب اے سی گوجرخان نے چیف آفیسر بلدیہ چوہدری تنویر گجر، فیض اللہ، لیگل ایڈوائزر ایڈوکیٹ نایاب خاور، ایم آر او حسیب، اینٹی انکروچمنٹ انسپکٹر بلال سلیم، چاند مبین، انفورسمنٹ ٹیم، ڈی ایس پی گوجرخان، ایس ایچ او تھانہ گوجرخان اور پولیس کی بھاری نفری اور ہیوی مشینری کے ساتھ انڈر پاس پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز کیا تمام تجاوز کنندگان کو ٹائم دینے کے باوجود کچھ دکانداروں نے سامان سمیٹے جنھوں نہ سمیٹے انکو سامان اٹھانے کی مہلت دے کر آپریشن کا آغاز کیا اور ہیوی مشینری سے عرصہ دراز سے قائم تجاوزات کا شیرازہ بکھیر کر رکھ دیا تجاوزات کے خلاف آپریشن شام 5 بجے کے قریب شروع ہوا اور رات 10 بجے اختتام پذیر ہوا اسسٹنٹ کمشنر نے تمام تر آپریشن اپنی نگرانی میں پاس کھڑے ہو کر کروایا جس میں انکے کے ساتھ ڈی ایس پی ملک نواز، ایس ایچ او ملک نذیر احمد گھیبہ سی او بلدیہ بھی انکے ہمراہ تھے آپریشن کو روکنے کے لیے جی ٹی روڈ کو کچھ دیر کے لیے تجاوزات مافیا نے بند کیا اور روڈ پر آگ لگائی تاہم ایس ایچ او پولیس تھانہ گوجرخان پولیس فورس کے جوانوں نے سب کو پرامن طریقے سے منتشر کر کے روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا تمام تر آپریشن پرامن طریقے سے مکمل ہوا تاجروں کی جانب سے کوئی کسی قسم کی مداخلت نہ کی گی آپریشن کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل نے اپنے ریونیو سٹاف چیف آفیسر بلدیہ چوہدری تنویر گجر اور بلدیہ کے تمام ملازمین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح آپ سب نے میرا ساتھ دیا اور بغیر کسی پریشر کے آپ سب میرے ساتھ رات گے تک کھڑے رہے اور آپریشن کو کامیاب کروایا یہ سب آپ سب کی بدولت ممکن ہوا یہ سب آپ کی میرے ساتھ محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے مزید انھوں نے پولیس فورس کے افسران اور پولیس تھانہ گوجرخان کے افسران اور فورس ملازمین جنھوں نے آپریشن میں حصہ لیا انکا بھی شکریہ ادا کیا اور صحافی برادری کا بھی شکریہ ادا کیا آخر میں انھوں نے تمام متاثرین انڈر پاس تجاوز کنندگان تاجروں کو بھی مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میری کسی کے ساتھ کوئی ذاتیات نہیں میں نے قانون کے مطابق کام کیا ہے میں نے اپنے فرائض منصبی ادا کیے ہیں میری وجہ سے اگر کسی کی کوئی دل آزاری ہوئی ہو یا کسی کا کوئی نقصان ہوا ہو تو میں تہہ دل سے معذرت کرتا ہوں انھوں نے کہا کہ میں اہلیان گوجرخان کا بھی بے حد مشکور و ممنون ہوں جنہوں مجھے اتنا سپورٹ کیا اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کے تجاوزات کے خلاف اس گرینڈ آپریشن کو عوامی سماجی حلقوں نے بہت سراہا ہے اور اے سی گوجرخان کو خراج تحسین پیش کیا جی ٹی روڈ گوجرخان پر انڈر پاس 2003 میں تعمیر ہوا اور یہ جگہ این ایچ اے کے انڈر آتی ہے اور راجہ بشارت اینڈ کمپنی نے این ایچ اے سے لیز پر لے کر اس کی تعمیرات مکمل کروائیں نقشے کے مطابق انڈر پاس کے اوپر جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف میں واش رومز کے ساتھ دو دو دکانوں کا نقشہ تھا جو اسی نقشے کی طرز پر اور تعمیر ہوئیں اس کے علاوہ خوبصورتی کے لیے چھوٹے چھوٹے باغیچے بھی بنائے گے اور فوارے بھی نصب کیے گے مگر کچھ عرصہ گزرنے کے بعد آہستہ آہستہ دونوں اطراف پر تجاوزات قائم ہونا شروع ہوگئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے باغیچے ختم کر دیے گے اور ہر طرف کھوکھے بنا دیئے گے تجاوزات کی بھرمار اس قدر ہوگی تھی کہ انڈر پاس کے داخلی اور خارجی راستوں پر بھی کھمبے لگوا دیے گے اور اندر دکانداروں نے دکانوں کے باہر بھی سٹالز لگوا لیے جس سے انڈر پاس کی باہر سے اور اندر خوبصورتی ماند پڑگی اور ہر جگہ تجاوزات مافیاز نے اپنے پنجے مضبوطی سے گاڑھ لیے جو بھی اسسٹنٹ کمشنر آتا ورنگز دیتا کاروائی کرتا مگر پھر اسی طرح صورتحال بدستور قائم رہتی این ایچ اے کو بھی بلدیہ گوجرخان کی جانب سے تجاوزات کے خلاف متعدد بار لیٹر لکھے گے مگر وہ بھی بے سود رہے اور کوئی عمل درآمد نہ ہوا اب جب اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل نے گوجرخان کا چارج سنبھالا تو انھوں نے کچھ ہی وقت میں وقت تجاوزات مافیا کے خلاف ایک بھرپور مہم چلائی اور تابڑ توڑ آپریشنز کرنے شروع کر دیے اس کے ساتھ انھوں نے انڈر پاس پر براجمان مافیاز کے خلاف بھی اعلان جنگ کا طبل بجایا تمام تر آپریشنز میں ہر طرح سے اے سی گوجرخان کو کاروائیاں کرنے سے روکنے کے لیے رکاوٹیں ڈالیں انڈر پاس پر قائم تجاوزات کے خلاف آپریشن کو روکنے لے لیے لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ میں انڈر پاس انتظامیہ کی جانب سے رٹ پٹیشن اپریل میں دائر کروائی گی جس کی تاریخ کچھ دن قبل جب اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے انڈر پاس تجاوزات مافیاز کو جب نوٹسز جاری کروائے تب رٹ پٹیشن کی ڈیٹ نکلی اور اگلے ہی دن اے سی گوجرخان سی او بلدیہ اپنے وکیل کے ساتھ ہائی کورٹ میں تمام تر ثبوتوں کے ساتھ پیش ہوئے اور ریکارڈ پیش کیا جس کی روشنی میں ہائی کورٹ نے رٹ پٹیشن خارج کر دی انڈر پاس انتظامیہ راجہ بشارت نے میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں ان پر اور اے سی گوجرخان پر کچھ فیک آئی ڈیز کے ذریعے لگنے والے بے بنیاد الزامات کی نفی کی اور کہا کہ انڈر پاس شہر کی خوبصورتی کے لیے بنایا گیا تھا ہم اداروں کا احترام کرتے ہیں میرا اے سی گوجرخان سے کوئی رابطہ نہیں سوشل میڈیا پر من گھڑت کہانیاں بنائی جا رہی ہے ہم خود این ایچ اے کے کرائے دار ہیں انڈر پاس لیز پر لیا ہے 6 سال مزید رہ گے ہیں لیز ختم ہونے میں اور جو کھوکھے کافی عرصے سے لگے ہیں مختلف اتھارٹیز کی جانب سے الاٹ کیے گے ہیں ہم انڈر پاس کا کرایہ این ایچ اے کو جمع کرواتے ہیں اگر گوجرخان انتظامیہ سمجھتی ہے کہیں وائیلیشن ہوئی ہے تو وہ کاروائی کرے ہم کورٹ میں بھی اسی لیے گے ہیں ہمارا موقف سنا جائے اب سوال یہ اٹھتا ہے جو لوگ ان غیر قانونی کھوکھوں میں تجاوزات کا کاروبار کر رہے تھے انکو کیبنز کیوں اور کس نے الاٹ کیے جس نے بھی الاٹ کیے کیا اس کو پتا تھا کہ یہ غیر قانونی الاٹمنٹ ہے کھوکھوں کی اس کہانی کے پس پردہ کون ہے ان محرکات کو بھی بے نقاب ہونا چاہیے ناجائز تجاوزات غیر قانونی تعمیرات انکا ٹھیکہ دینے والے عناصر کی بھی سرکوبی ہونی چاہیے جو افسران قبضہ مافیا کی سرپرستی کر رہے ہیں انہیں بے نقاب کیا جانا چاہیے تاکہ تجاوزات مافیا کی کمر ٹوٹے اب جب اس طرح گرینڈ آپریشن ہوا اور تجاوزات کو مسمار کیا گیا ہے اس جگہ کو انڈر پاس انتظامیہ پھر سے خوبصورت بنائے اور یہاں تجاوزات کو دوبارہ قائم نہ ہونے دیا جائے اور شہر بھر میں جس طرح سے آپریشنز کر کے تجاوزات کو ختم کیا گیا ہے تاجر برادری کا بھی کام بنتا ہے اب مختلف بازاروں میں نہ تجاوزات قائم کریں اور نہ دکانوں کے آگے اور راستوں کے درمیان ٹھیے نہ لگنے دیں ضرورت اس امر کی ہے کہ اب سب ایک اچھا شہری ہونے کا ثبوت دیں اور اپنے کاروباری مراکز کے راستوں کو کھلا رکھ خریداری کے لیے آنے والے خواتین و حضرات کے آسانی پیدا کریں اب انتظامیہ کو بھی چاہیے کہ تمام بازاروں کے داخلی اور خارجی راستوں پر بیریئل یا چین لگائیں تاکہ بازاروں کے اندر ریڑھیوں اور موٹر سائیکلز کا داخلہ بھی بند ہو سکے اور راستے بھی کھلے رہیں انتظامیہ داخلی خارجی راستوں پر بلدیہ کے ملازمین کی بھی تعینات کرے تاجروں اور خریداروں کے کے موٹر سائیکلز کی پارکنگ کے بازار سے باہر جو ایریاز ہیں وہاں پر پارکنگ بنائی جائے تاکہ موٹر سائیکلز پارک ہو سکیں اگر موٹر سائیکلز اور ریڑھیاں بازار میں کھڑی ہوں گی تو راستے پھر بھی نہیں کھل سکیں گے آخر میں تمام اعلی عہدہ داران انڈر پاس انتظامیہ سے کہوں گا کہ جو متاثرین بیروزگار ہوئے ہیں انکو کاروبار کے لیے متبادل جگہ بھی ملنی چاہیے کیونکہ اس وقت ہوشربا مہنگائی کی وجہ سے لوگ پہلے ہی بہت سخت پریشان ہیں تمام اسٹیک ہولڈرز کو چاہیے کہ مشاورت کر کے متاثرین کو کاروبار کے لیے متبادل جگہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ متاثرین باعزت طریقے سے گھروں کے چولہے جلا سکیں

بقیہ 15

بتائی کہ آصف محمود کو اسکے سگے بھائی راشد اے ایس آئی نے گھر میں جھگڑے کے دوران فائرنگ کی اور ایک فائر چھاتی پر لگا اور مقتول زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں جانبحق ہو گیا پولیس تھانہ مندرہ نے مقتول کے بھائی ارشد جو پولیس ملازم ہے اسکی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم راشد اے ایس آئی کو گرفتار کر لیا مقتول اصف شادی شدہ تھا اور اسکی اولاد نہ تھی مقتول کے بھائی ارشد نے تھانہ مندرہ میں مقدمہ درج کرواتے ہوئے بتایا کہ انکی والدہ وفات پا چکی ہیں مقتول اصف کی عمر تقریبا 30 سال ہے اور وہ راولپنڈی پولیس لائن نمبر 1 میں تعینات تھا مقتول اور راشد اے ایس آئی والد کے ساتھ ایک ہی گھر میں جھلیاری میں رہائش پذیر ہے سہ پہر ڈھائی بجے کے قریب راشد نے بذریعہ فون اطلاع دی کہ آصف کو گولی لگی ہے اور وہ زخمی ہے میں جب گھر پہنچا تو اصف کے سینے پر بائیں سائیڈ پر فائر لگا تھا زخمی اصف کو گاڑی میں ڈال کر فوری فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال کے لیے روانہ ہوئے تاہم راستے میں اصف زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جانبحق ہو گیا اور اسکی ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان لے آئے میرے بھائی اصف کو راشد نے فائر مار کر ناحق قتل کیا اسکے خلاف قانونی کاروائی کی جائے پولیس تھانہ مندرہ نے ارشد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم راشد کو گرفتار کر لیا

بقیہ 16

جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے نہ صرف ملزم کو گرفتار کیا بلکے ملزم سے وقوعہ میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ پسٹل 30 بور بھی برآمد کر لیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 17

لے لیا وائلڈ لائف تحصیل گوجرخان کو اطلاع ملی کہ شوکت نامی شخص نے غیر قانونی طور پر ریچھ رکھا ہوا ہے اور اسکے دانت نکالے ہوئے ہیں اور نکیل ڈال کر اس سے تماشہ کرواتا ہے فیلڈ سٹاف گوجرخان نے فوری طور پر کاروائی عمل لاتے ہوئے رات کو شوکت کو پکڑ لیا اور صبح ملزم کو بمعہ ریچھ معزز عدالت میں پیش کیا جہاں معزز سول عدالت کی جج ظل ہما نے ملزم شوکت کو 10 ہزار روپے کا جرمانہ کیا اور وائلڈ لائف گوجرخان کو حکم دیا کہ ریچھ کو اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کے حوالے کیا جائے جہاں پر ریچھ کی بہتر دیکھ بھال کی جائے معزز عدالت کے احکامات پر عملدر آمد کرتے ہوئے تحصیل گوجرخان وائلڈ لائف انچارج مبشر جاوید نے فیلڈ سٹاف کے ہمراہ ریچھ کو اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کے حوالے کر دیا۔

بقیہ 18

کی سب سے بڑی وجہ بین الاقوامی سطح پر مہنگائی کے ملک پر اثرات تھے۔ ملک میں مہنگائی پچھلی انصاف حکومت کی وجہ سے نہیں بلکہ بین الاقوامی مسئلہ تھا جس کو اپوزیشن نے کیش کر کے مہنگائی کے خلاف مارچ کر کے عوام کو گمراہ کیا جس کی وجہ سے ووٹ بنک پر اثر پڑا۔ انہوں نے خیبر امن مارچ کے حوالے سے بتایا کہ خیبر امن مارچ میں شرکت تنظیم کا فیصلہ تھا بعض پارٹی مشران کا امن مارچ میں شرکت نہ کرنا ذاتی فیصلہ تھا انصاف یوتھ ونگ کے اندر اختلافات پیراشوٹر کی وجہ سے پیدا ہوئے۔ جس میں پارٹی کے دیرینہ اور نظریاتی ورکرز کو نظر انداز کر کے پیراشوٹر کو عہدے دیئے گئے جس پر سینئر ورکرز ناراض ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ الیکشن میں بھرپور تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں گے اور ایک بار پھر مخالفین کو عوامی طاقت سے شکست سے دوچار کر کے صفایا کریں گے۔

بقیہ 19

تعداد 80 سے 100 تک ریکارڈ کی گئی ہے، اس وقت بے نظیر بھٹو جنرل اسپتال میں 97 مریض داخل ہیں جب کہ ہولی فیملی میں 60 ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال میں 79 مریض زیر علاج ہیں۔ ڈینگی کا شکار مریضوں کی اکثریت کا تعلق پوٹھوہار ٹاؤن کی یونین کونسلوں گرجا چک جلال دین اور دھاماں سیداں سے ہے۔ محکمہ صحت کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں فوگنگ اسپرے اور لاروا سرویلنس تیز کر دی گئی ہے رواں سیزن میں ابتک ڈینگی سے ایک مریض کی موت ہو چکی ہے۔

بقیہ 20

کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 21

زور دیا ہے کہ وہ پیراسیٹامول کی تیاری میں استعمال ہونے والے کنٹرول شدہ مادے کا آڈٹ کرے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی وائی پی اے کے عہدیدار ڈاکٹر فرقان ابراہیم نے بتایا کہ ایسیٹک اینہائیڈرائیڈ ایک مادہ ہے جو پیراسیٹامول پین کلرز تیار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، بلیک مارکیٹ میں اس کی بہت زیادہ طلب ہونے کے باعث بھاری قیمت میں فروخت ہوتا ہے، یہ مادہ مارفین کو ہیروئن میں تبدیل کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کیمیکل پاکستان میں بڑی مقدار میں تیار کیا جاتا ہے اور پیراسیٹامول کی تیاری کے لیے ایسیٹک اینہائیڈرائیڈ کا کوٹہ مختص کیا جاتا ہے، اگر ایسیٹک اینہائیڈرائیڈ کا مکمل کوٹہ استعمال کیا جارہا ہے تو پھر یہ دوا مارکیٹ میں دستیاب کیوں نہیں ہے؟!

بقیہ 22

استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث عمر گینگ کے سرغنہ کو 3 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ عمر، ساتھی ملزمان حضرت، جہانزیب اور احسن شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 1 لاکھ 76 ہزار روپے، 3 موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان سے مال مسروقہ کی برآمدگی شناخت پریڈ کے بعد کی گئی۔ ایس پی پوٹھوہار نے واہ کینٹ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے۔

بقیہ 23

ضلع بنانے کیلئے باضابطہ پیشرفت شروع کر دی گئی ہے اور اس سلسلہ میں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے تفصیلات مانگ لی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل گجرات کو عجلت میں ڈویژن بنانے کے حوالے سے بھی تحفظات سامنے آئے ہیں۔ مزید بتایا گیا ہے کہ ڈسکہ کو بھی ضلع بنانے کی کوشش ہو رہی ہے۔

بقیہ 24

کے مطابق توانائی شعبے میں گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ بھی آؤٹ آف کنٹرول ہو گیا ہے۔ گیس ٹیرف میں اضافے سے مجموعی طور پر 786 ارب کی وصولی کا امکان ہے۔ 666 ارب روپے کے ہدف کی نسبت 120 ارب اضافی آمدن کا تخمینہ ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کی جانب سے گیس شعبے کا گردشی قرضہ کم کرنے کی شرط ہے۔ آئندہ سردیوں کے سیزن سے قبل ہی گیس ٹیرف میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔ گیس ٹیرف میں 45 فیصد سے زائد کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے یقین دہانی کرائی ہے کہ چھوٹے صارفین پر کم سے کم بوجھ ڈالا جائے گا۔ قیمتوں سے حاصل آمدنی گردشی قرضے پر خرچ کی جائے گی۔ گیس ٹیرف میں اضافے پر عالمی بینک کے ساتھ مل کر کام کیا جائے گا۔

بقیہ 25

تفصیلات کے مطابق ملک میں حالیہ بارشوں اور سیلاب سے مشکلات بڑھنے لگیں، لاہور، اسلام آباد سمیت ملک بھر میں آٹا مزید مہنگا ہو گیا، اوپن مارکیٹ میں گندم کی قیمت بڑھی تو چکی مالکان نے بھی آٹے کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا۔ ملک میں آٹے کی قیمت 130 روپے کلو تک پہنچ گئی، کراچی میں آٹا ملک میں سب سے مہنگا ہے، ایک کلو کی قیمت 125 سے 130 روپے ہو گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق 80 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار 8 سو روپے سے بڑھ کر 9 ہزار روپے ہو گئی جب کہ 20 کلو آٹے کا تھیلا 2300 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ آٹا ڈیلرز کا کہنا ہے کہ پنجاب سے ترسیل شروع نہ ہوئی تو بحران کی کیفیت پیدا ہو جائے گی، صوبائی حکومت سے پنجاب سے ترسیل بحال کرانے کے لیے مدد کی اپیل کرتے ہیں۔ دوسری جانب راولپنڈی میں بھی گندم اور آٹے کی قیمتیں بے قابو ہو گئیں، جہاں گندم کا سرکاری نرخ 3000 روپے من جبکہ عام مارکیٹ میں 3550 سے 3800 روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔ فلور ملز نے آٹے کے اپنے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں جو روزانہ کی بنیاد پر بڑھ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی میں 20 کلو تھیلا 1620 سے 1670 تک پہنچ گیا ہے، آٹا چکی مالکان نے ایک ہی دن میں فی کلو آٹا میں 25 روپے اضافہ کر دیا ہے جب کہ چکی آٹے کی نئی قیمت 125 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، کریانہ اور ہول سیلرز نے آٹے کی قیمتوں میں اضافے کو تشویشناک قرار دے دیا۔ لاہور میں 110 روپے سے 116 روپے میں ایک کلو آٹا مل رہا ہے، اسلام آباد میں چکی کا آٹا 125 روپے میں فروخت ہونے لگا، کوئٹہ میں آٹے کی قیمت 120 روپے کلو ہو گئی، گوجرانوالہ میں چکی کا آٹا 130 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے۔ چکی مالکان کا کہنا ہے کہ غلہ منڈیوں میں قلت کے سبب فی من گندم 2 ہزار 850 سے بڑھ کر 3 ہزار 800 روپے تک پہنچ چکی ہے، بجلی کے بھاری بل بھی ادا کر رہے ہیں، آٹا مہنگا کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں 20 کلو آٹے کی قیمت میں بھی اضافہ ہو چکا ہے، لاہور میں حکومت کی جانب سے فراہم کردہ 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 980 روپے ہے جو مارکیٹ میں کئی جگہوں پر دستیاب ہی نہیں۔

بقیہ 26

ہمیں ڈالر کی قیمت کو نیچے لانا چاہیے، عوام اور پاکستان اس کو برداشت نہیں کر سکتے، ہم نے روپے کی قدر کم کے ملک پر اربوں ڈالرز کا قرضہ بڑھا لیا، کیوں۔ ہم چند لوگوں اور سٹہ بازوں کے ہاتھوں میں یرغمال بنے ہوئے ہیں، انہوں نے اپنے کروڑوں اور اربوں بنالئے لیکن انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ پاکستان کھربوں کا مقروض ہو گیا ہے۔ ڈالر کی قیمت 240 روپے نہیں ہے، ڈالر کی قیمت 170 یا 180 روپے سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 27

میرے دور کے فلاحی منصوبوں کو سیاسی انا کی بھینٹ چڑھایا۔ ن لیگ نے میرے عوامی منصوبے روک کر پنجاب کے عوام سے زیادتی کی۔ پنجاب کے عوام کی سہولت کیلئے میرے سابقہ دور میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے۔ مخالفین کی سیاست صرف نمود و نمائش تک محدود ہے۔ ہم نے پہلے بھی عوامی خدمت کا ریکارڈ قائم کیا، انشاء اللہ اب بھی عوامی خدمت کے ریکارڈ قائم کریں گے۔

بقیہ 28

واپسی کو سپریم کورٹ انشاء اللہ بحال کرے گی، نیب ترامیم کالعدم ہوں گی اور 1 کروڑ اوورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ 70 وزرا کی تعداد آئین کے منافی ہے اس کے خلاف ہائی کورٹ جاں گا، بلاول پاکستان میں بطور مہمان اداکار آتے ہیں دفتر نہیں جاتے جبکہ 21 وزرا بے محکمہ ہیں۔

بقیہ 29

میں سولہ روپے کا اضافہ ہو چکا ہے اور مہنگائی نئے ریکارڈ قائم کر رہی ہے، جس سے عوام سے جینے کی امنگ چھین لی ہے، چالیس فیصد مہنگائی کی وجہ سے عوام کی بڑی تعداد کے لئے صحت تعلیم اور کھانے پینے کے اخراجات پورے کرنا ناممکن ہو گیا ہے، بجلی اور ایندھن کی قیمتوں نے حالت کو مزید تشویشناک کر دیا ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا کہ کرونا وائرس کے بعد آئی ایم ایف کی پالیسیاں عوام کو زندہ درگور کر رہی ہیں، عوام میں بے چینی اور مایوسی پھیل رہی ہے، روپے پر دباؤ مسلسل بڑھ رہا ہے، جس کی وجہ سے بعض لوگ دوبارہ ملک کے دیوالیہ ہونے کے خدشات کا اظہار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی صورتحال کا معیشت پر منفی اثر پڑ رہا ہے، جس نے کاروباری برادری کو پریشان کر رکھا ہے اور وہ اہم فیصلے کرنے میں متذبذب ہیں جس سے کاروباری ماحول متاثر ہو رہا ہے، سیلاب نے بھی معیشت کو بھاری نقصان پہنچایا ہے جبکہ کپاس کی فصل کی تباہی سے بھاری مقدار میں درآمدات کرنا ہونگی جس سے زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ بڑھ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دوست ممالک نے قرضے دینے سے انکار کر دیا ہے جبکہ عالمی بانڈ مارکیٹ کی صورتحال بھی غیر تسلی بخش ہے اور وہاں سے قرضوں کا حصول ممکن نہیں ہے، پاکستان کو اس وقت تک قرضہ نہیں مل سکتا اور نہ ہی روپیہ مستحکم ہو سکتا ہے جب تک جاری حسابات کا خسارہ کم نہیں ہوتا اور سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر اہم اقتصادی فیصلے نہیں کیے جاتے۔

بقیہ 30

روپے سے 106 روپے میں فراہم کر رہے ہیں جو خوردہ سطح پر 115 روپے یا اس سے زائد قیمت پر فروخت کیا جا رہا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ایک ماہ قبل گندم کی فی 100 کلو قیمت 7800 روپے تھی جبکہ فی کلو آٹے کی قیمت 82 روپے تھی، اس طرح سے اب 100 کلوگرام گندم 1400 روپے مہنگی قیمت پر مل رہی ہے جس کے نتیجے میں فی کلوگرام آٹے کی تھوک قیمت 24 روپے بڑھ گئی ہے۔ مقامی اوپن مارکیٹ میں مقامی ضروریات کے مطابق گندم کے ذخائر موجود ہیں لیکن منافع خور سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے گندم کی کاشت میں ممکنہ رکاوٹ کی وجہ سے گندم میں سٹہ بازی کر رہے ہیں، اگر حکومت نے فلور ملوں کو گندم درآمد کرنے کی اجازت دیدی تو گندم میں سٹہ بازی اور ذخیرہ اندوزی نہ صرف رک جائے گی بلکہ گندم و آٹے کی قیمتوں میں بھی نمایاں کمی ممکن ہو سکے گی۔ دریں اثنا کراچی ریٹیل گروسرز ایسوی ایشن کے چیئرمین فرید قریشی نے بتایا کہ خوردہ سطح پر آٹے کی تمام اقسام کی فی کلو قیمت میں 20 روپے کا اضافہ ہو گیا، انھوں نے بتایا کہ فی کلوگرام چکی آٹے کی خوردہ قیمت بڑھ کر 130 روپے فائن آٹے کی قیمت بڑھ کر 125 روپے اور ڈھائی نمبر آٹے کی فی کلوگرام قیمت بڑھ کر 120 روپے ہوگئی ہے، انھوں نے بتایا کہ حکومت سندھ کی جانب سے فلور ملوں کو گندم کا کوٹہ موصول ہونے کے بعد امکان ہے کہ آٹے کی خوردہ قیمت میں کمی واقع ہو۔

بقیہ 31

، نظام الدین، احسان ٹیپو محسود نے اظہار خیال کیا۔ سینئر صحافی و تجزیہ کار، طاہر خان نے کہا کہ مذاکرات اس وقت تعطل کا شکار ہیں موجودہ جو صورتحال بنی ہے تو میرا نہیں خیال جلد ہی کوئی نشست ہو۔ جرگہ کیساتھ جو آخری نشست ہوئی تھی وہ 29 اور 30 جولائی کو کابل میں ہوئی تھی۔ 31 کو جب حملہ ہوا اور اس میں القاعدہ کے سربراہ کو مارنے کی خبر امریکہ نے دی تھی اسکے بعد افغان طالبان اپنے معاملات میں مصروف ہو گئے ہیں۔ اس ڈرون حملے کے بعد پاکستان سے بد اعتمادی بھی پیدا ہوئی ہے اور دونوں اطراف سے بیانات بھی آئے ہیں

بقیہ 32

سی ایف پی اسلام آباد، نارتھ، ساؤتھ اور ڈائریکٹر ای سی ڈبلیو کو مراسلے بھیجے ہیں کہ مشاہدے میں آیا ہے کہ لوکل مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں روزانہ کی بنیادوں پر اتار چڑھاو ہو رہا ہے جس سے پاکستانی معیشت پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں۔ اس سلسلے میں وفاقی وزیر خزانہ کی سربراہی میں ایک میٹنگ ہوئی جس میں اس مسئلے پر گفتگو ہوئی اور کچھ فیصلے بھی کیے گئے۔ ایک فیصلہ یہ بھی ہوا کہ ڈالر کی اسمگلنگ روکنے کے اقدامات کیے جائیں۔ اس کے علاوہ یہ فیصلہ بھی ہوا کہ غیر قانونی منی ایکسچینج اور حوالہ ہنڈی کرنے والوں کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے اور اس کی ہفتہ واری رپورٹ ڈائریکٹر ای سی ڈبلیو کو بھیجی جائے۔ مراسلے میں مزید تحریر کیا گیا ہے کہ تمام زونل ڈائریکٹرز اس بات پر سختی سے نظر رکھیں۔

بقیہ 33

کے 22 ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر صدر اردوان سے ملاقات کے موقع پر کہی۔ کریملن سے جاری کردہ بیان کے مطابق ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے پوتن کا کہنا تھا کہ میں اقوام متحدہ کے خوراک کے پروگرام پر عمل درآمد کے حوالے سے آپ کی خدمات پر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ روسی صدر نے کہا کہ ہم توقع اور امید کرتے ہیں کہ یوکرین سے برآمد کردہ اناج کے ایک بڑے حصے کو غریب ممالک کو بھیجا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ترکیہ روس سے قدرتی گیس کی ترسیل کے لیے خطہ یورپ سمیت محفوظ ترین راہداریوں میں سے ایک بن چکا ہے، ٹرکش اسٹریم بلاکسی مسئلے کے خدمات فراہم کر رہی ہے۔ پیوتن نے کہا کہ اک کویو نیوکلیئر پاور پلانٹ پر کام جاری ہے اور انہیں امید ہے کہ پلانٹ کا پہلا یونٹ 2023 میں اپنا باقاعدہ کام شروع کر دے گا۔ پیوتن نے کہا کہ ہم اس بات کو نظر انداز نہیں کر سکتے کہ ترکی شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے ساتھ بہت اچھے اور تیزی سے بڑھتے ہوئے اقتصادی تعلقات موجود ہیں، ہم اس ڈھانچے میں ترکی کی کوششوں کا ہر طرح سے خیر مقدم کریں گے۔ پیوتن نے یہ بھی کہا کہ ترکیہ کو روسی گیس کی ترسیل کے لیے ادائیگیوں کا 25 فیصد روسی روبل میں ادا کرنے سے متعلق معاہدہ جلد نافذ العمل ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترکی اور روس کے درمیان تجارتی حجم میں بھی اضافہ ہوا ہے، ترکی کے ذریعے عالمی منڈیوں میں روسی کمپنیوں کی مصنوعات فروخت کرنے کے لیے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 34

میں ٹیکسٹائل انڈسٹری کو گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اقدامات حکومت کر رہی ہے اور اس سلسلے میں کئی ایک اقدامات حکومت کے زیر غور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گیس کی قیمتوں میں سندھ اور پنجاب کی ٹیکسٹائل ملوں کے لئے قیمت کے فرق کو اگلے ہفتے ختم کر دیا جائے گا۔ انہوں نے گونر سٹیٹ بنک سے کہا کہ وہ اگلے ہفتے اپٹما کا دورہ کر کے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو قرضوں کی فراہمی سے متعلق شکایات کا ازالہ کریں۔ اپٹما کے سرپرست اعلی گوہر اعجاز، چیئرمین اپٹما عبدالرحیم ناصر اور چیئرمین نارتھ زون حامد زمان نے انڈسٹری کو درپیش مسائل سے وفاقی وزیر خزانہ اور حکومتی وفد کو آگاہی دی۔

بقیہ 35

، اسحاق ڈار سمیت دیگر رہنما شریک ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان میں موجود مریم نواز سمیت دیگر پارٹی رہنما بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پنجاب میں ممکنہ تحریک عدم اعتماد یا وزیر اعلی پنجاب کو اعتماد کا ووٹ لینے کا کہنے پر باضابطہ مشاورت کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق لندن بیٹھک میں نومبر میں اہم تعیناتی کے حوالے سے فیصلے پر بھی مشاورت کی جائے گی۔

بقیہ 36

نقصان ہوا ہے، سیلاب سے 3 کروڑ لوگ گھروں سے محروم ہوئے ہیں۔ نیوجرسی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امریکا کی جانب سے پاکستان کو ڈیزاسٹر پیکیج دیا جانا چاہیے، آئی ایم ایف سے پاکستان کو مزید ریلیف ملنا چاہیے۔ سینیٹر باب مینڈیز کا کہنا تھا کہ سامنتھا پاور سے درخواست کی ہے کہ سیلاب زدگان سے رابطے میں رہیں، انہیں درخواست کی ہے کہ امدادی رقم کے 20 ملین ڈالر جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ رقم 30 ملین ڈالر کی امدادی رقم کے علاوہ ہے، اس امداد کے علاوہ بھی فوری اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ امریکی خارجہ تعلقات کمیٹی کے چیئرمین نے مزید کہا کہ پاکستان کو امداد ایک قطرے سے زیادہ نہیں، اس لیے انٹرنیشنل ڈونرز کانفرنس کا انعقاد کیا جانا چاہیے۔ سینیٹر باب مینڈیز نے امریکا میں مقیم پاکستانیوں کو عارضی تحفظ درجہ دینے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 37

دن زیادہ ہوگئے لیکن حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا فیصلہ نہ کرپائی۔ پی پی آئی کے مطابق غیریقینی صورتحال کے باعث پٹرول پمپ مالکان نے کاروبار محدود کر دیا۔ ذرائع کے مطابق بعض آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے پٹرولیم مصنوعات کی سیل روک دی، قیمتیں کم ہوں گی؟ بڑھیں گی یا برقرار رہیں گی؟ اس معاملے پر حکومت اختلافات کا شکار ہے۔ اوگرا نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کرنیکی تجویز دی، حکومتی اتحادی جماعتوں نے بھی پٹرولیم مصنوعات میں ریلیف کا مطالبہ کیا تاہم وزارت خزانہ کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے پر زور دیا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق فیصلہ وزیراعظم کریں گے، وزیرخزانہ نے بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم نہ کرنے کی تجویز دی ہے۔

بقیہ 38

سیلاب زدہ بچے فوری امداد کے منتظر ہیں۔ ادارے کا کہنا ہے کہ سیلاب میں پھنسے بچوں کو بھوک کے ساتھ بیماریوں نے گھیر لیا ہے، ملیریا اور ڈینگی کے ساتھ پیٹ کے امراض ان پر حملہ آور ہیں۔ یونیسیف نے کہا کہ یہ بچے اور بچیاں اس موسمیاتی تباہی کی قیمت چکا رہے ہیں، جس میں وہ حصے دار ہی نہیں، سیلاب سے متاثرہ بچوں کی مائیں غذائی قلت کا شکار ہو کر دودھ پلانے سے بھی قاصر ہیں۔

بقیہ 39

سے اپنی تجاویز پیش کریں گے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی (یو این جی اے) کے 77 ویں اجلاس میں شرکت کریں گے جو 19 سے 23 ستمبر تک نیویارک میں منعقد ہوگا

بقیہ 40

نے نثار درانی کی تعیناتی غیر آئینی قرار دینے کے لیے درخواست دائر کی۔ اس موقع پر انہوں نے موقف اختیار کیا کہ ممبر الیکشن کمیشن سندھ حکومت کے ماتحت ادارے میں ملازمت کر رہا ہے، نثار درانی ممبر الیکشن کمیشن رہنے کا اہل نہیں ہے لہذا اسے عہدے سے ہٹانے کا حکم دیا جائے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے درخواست منظور کرتے ہوئے سماعت پیر کے روز کے لیے مقرر کر دی۔

بقیہ 41

خوراک 21 دن بعد لگوائی جائیں جبکہ دونوں خوراکوں کے درمیان 56 دن سے زیادہ کا وقفہ نہ ہو۔ دوسری جانب ملک میں کورونا وائرس کے وار جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے ایک شخص جاں بحق ہوا جبکہ 90 مثبت کیسز سامنے آئے جس میں 89 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ قبل ازیں گزشتہ روز راولپنڈی کی ضلعی انتظامیہ نے کورونا سے بچا کیلئے مہم کے دوران والدین اپیل کی ہے کہ بچوں کو حفاظتی انجکشن لگوائیں تا کہ انہیں موذی مرض سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 42

میڈیا کے مطابق اعلان ہوتے ہی بھارتی سفارت خانہ سرگرم ہوگیا اور اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے ریفرنڈم رکوانے کی کوشش کر رہا ہے۔ کینیڈا کے ایک مندر کے دروازے پر خالصتان کا نعرہ لکھنے کے واقعے کو بہانہ بنا کر بھارتی حکومت نے کینیڈا سے شدید احتجاج کیا اور ریفرنڈم کے انتظامی رہنماؤں کی گرفتاری کا مطالبہ کر دیا۔ مندر پر خالصتان کا نعرہ لکھنے سے قبل سکھ رہنما جرنل بھنڈروالا کا پوسٹر پھاڑنے کا واقعہ رونما ہوا جس پر سکھ کیمونٹی سراپا احتجاج تھی۔ سکھ لیڈر کا پوسٹر پھاڑنے پر مقامی پولیس نے ایک بھارتی نژاد شخص کو گرفتار بھی کیا تھا۔ بھارت کا دباؤ مسترد کرتے ہوئے خالصتان کے حامی کئی سوسکھوں نے بھارتی قونصلیٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا بھارتی سفارتکاروں کے خلاف زبردست نعرے بازی کی۔ مظاہرین نے کہا کہ بھارت ریفرنڈم سے گھبرا کر خودہی مندر پر حملے اور نعرے لکھنے میں ملوث ہے۔

بقیہ 43

متعلق تھا۔ کیس میں چھپے ہوئے رہائشی کے بارے میں اس وقت رپورٹ کیا گیا جب اس نے ایک شہری فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ سے 100,000 ریال کا چیک بغیر بیلنس کے جاری کیا۔ اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ ایک شخص کو دی گئی رہائش کو چھپایا جا رہا ہے اور اس شہری کو تجارتی سرگرمیوں کیلئے اپنے اکاؤنٹ کے استعمال کا اختیار دیا گیا تھا، اس طرح دونوں کی جانب سے جرم کا ارتکاب واضح ہوگیا

بقیہ 44

نے کہا کہ پنجاب میں عوام تحریک انصاف سے حقیقی آزادی کے ایجنڈے کی تکمیل کی توقع کر رہے ہیں، پنجاب کی کابینہ اور پارلیمانی پارٹی حقیقی آزادی کے موقف پر عوام کے ساتھ کھڑی رہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ عوام ہمارے ساتھ ہے ہمیں جلد انتخابات کی جانب بڑھنا ہے، فوری الیکشن تحریک انصاف کی ضرورت نہیں ملک کی ضرورت ہیں۔ پی ٹی آئی چیئرمین نے مزید کہا کہ انقلاب ہماری دہلیز پر دستک دے رہا ہے، پرامن انتخاب کے ذریعے رستہ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 45

ایچ او 10 ملین ڈالر کے بعد امداد کے لیے نئی اپیل جاری کرے گا، دنیا بھر کے عطیات دینے والوں سے زندگیاں بچانے کے لیے دل کھول کر امداد کی گزارش ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ڈائریکٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ٹیڈروس نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد بیماریوں سے اموات کی صورت نئی آفت کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈبلیو ایچ او 10 ملین ڈالر کے بعد امداد کے لیے نئی اپیل جاری کرے گا، دنیا بھر کے عطیات دینے والوں سے زندگیاں بچانے کے لیے دل کھول کر امداد کی گزارش ہے۔

بقیہ 46

ناراضی کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جہانگیر ترین نے مخدوم احمد محمود کی دعوت پر انکے عشائیے میں شرکت کی جس کے بعد دونوں خاندانوں میں دس سال پر محیط ناراضی ختم ہوگئی ہے۔ دونوں شخصیات نے آئندہ الیکشن ملکر لڑنے اور سیاسی تعاون پر بھی اتفاق کیا ہے۔ سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ دونوں رہنماں کی صلح کے جنوبی پنجاب کی سیاست پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 47

کے دوران بتایا کہ 17 ستمبر ہفتے کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد راولپنڈی اور دوسرے شہروں میں گندم کی قیمتوں میں 50 سے 100 روپیہ کمی ہوئی ہے۔ 36 سو سے ساڑھے 36 سو فی چالیس کلوگرام تک جانیوالی گندم کی اوپن مارکیٹ قیمت کم ہو کر 35 سو سے 35 سو پچاس روپے فی چالیس کلوگرام تک ہوگئی ہے۔ اسکی ایک وجہ حکومت پنجاب کی طرف سے گوداموں سے سرکاری کوٹے کا اجرا 1765 روپے فی چالیس کلوگرام سے بڑھا کر 2300 روپے فی چالیس کلوگرام کرنے کا فیصلہ ہے جبکہ اس کا اہم جزو روس سے پاکستان کی امکانی طور پر گندم اور خام آئل کی درآمد کا عندیہ ہے۔ وفاقی حکومت نے اس امر کا جائزہ لینا شروع کر دیا ہے کہ پاکستان کو روس سے خام تیل اور گندم کی درآمد میں امریکہ کی طرف سے کسی پابندی کا سامنا تو نہیں کرنا پڑیگا اسکے جواب میں وزارت خارجہ کی طرف سے کہا گیا کہ ہمارا ہمسایہ بھارت امریکہ کا کم وبیش اتحادی بن چکا ہے اسکے باوجود وہ روس سے دفاعی ساز و سامان سمیت گندم خام تیل مسلسل درآمد کرتا چلا آ رہا ہے اسلئے امریکہ کی طرف سے یا یورپ کی طرف سے پاکستان پر کوئی دباؤ نہیں ہوگا۔

بقیہ 48

صوبائی حکومتیں فرض کی ادائیگی کر رہی ہیں۔ خیال رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف وفد کے ہمراہ برطانیہ میں موجود ہیں اور وہ ملکہ الزبتھ دوئم کی آخری رسومات میں شرکت کرنے کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس میں شرکت کے لیے لندن سے امریکا روانہ ہوں گے۔

بقیہ 49

این اے مخدوم مبین عالم کی مخدوم احمد محمود سے ملاقات کی تصویر شیئر کرتے ہوئے کہا کہ لیاقت پور سے ایم این اے مخدوم عالم پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے، مخدوم مبین عالم نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان سابق گورنر پنجاب مخدوم احمد محمود سے ملاقات میں کیا، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے مخدوم مبین عالم کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کی خبر کوری ٹویٹ کر دیا۔

آیان
وڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن، الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756

ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

امن مارچ عوام کا آئینی حق ہے، اعظم خان محسود

قبائلی اضلاع میں امن کی موجودہ بگڑتی صورتحال کی بنیادی وجہ ریاستی اداروں اور عوام کے مابین پائے جانے والی خلا ہے



اداروں اور عوام کے مابین اعتماد کی بحالی سے پائیدار امن کا قیام ممکن ہے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) قبائلی اضلاع میں امن کی موجودہ بگھڑتی صورتحال کی بنیادی وجہ ریاستی اداروں اور عوام کے مابین پائے جانے والی خلا ہے۔ اداروں اور عوام کے مابین اعتماد کی بحالی سے پائیدار امن کا قیام ممکن ہے۔ امن مارچ عوام کا آئینی حق ہے۔ دنیا کو اچھا پیغام دیا ہے۔ اعظم خان محسود، قبائل عوامی پارٹی کے بانی رہنما اعظم خان محسود نے قبائلی علاقوں کی موجودہ صورتحال پر میڈیا نمائندوں کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، بجلی بند رہے گی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 19 ستمبر، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک (بقیہ نمبرص)

سرگودھا: منشیات فروشوں، ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائی

05 اشتہاری مجرمان اور 09 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد

سرگودھا (خالد کمبوہ سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے سرفراز سے شراب 410 لٹر، چالو بھٹی، شریف سے شراب 50 لٹر، سانور سے شراب 20 لٹر، تھانہ کوٹ مومن پولیس نے توصیف سے چرس 240 (بقیہ نمبر 6)



سرگودھا' تھانہ شاہ پور صدر پولیس کی کارروائی کے دوران دو منشیات فروش گرفتار شراب برآمد

راولپنڈی، بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے 10 سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ پیرودھائی پولیس کو متاثرہ بچے کی نانی نے درخواست دی کہ ملزم حیدر نے اس کے نواسے کو گھر کی چھت پر زیادتی کا نشانہ بنایا، پیرودھائی پولیس نے فوری مقدمہ (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، لیڈی منشیات فروش سمیت 3 ملزمان گرفتار، چرس برآمد

منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے لیڈی منشیات فروش سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا، لیڈی (بقیہ نمبر 7)

پنجاب بھر میں 908 ٹریفک حادثات میں 07 افراد جاں بحق 957 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 908 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جس میں 07 افراد جاں بحق جبکہ 957 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 389 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (71 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم (بقیہ نمبر 4)

موجودہ حالات میں میثاق معیشت پر پیشرفت کا قطعی کوئی امکان نہیں' فرحان شہزاد

سیلاب زدہ علاقوں کیلئے خودمختار اتھارٹی قائم ہونی چاہیے' سابق وائس چیئرمین پنجاب بار

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں میثاق معیشت پر پیشرفت ہونے کا قطعی کوئی امکان نہیں اس لئے اسے زیر بحث لانا صرف وقت کا ضیاع ہوگا، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں خوراک اور امداد کی تقسیم میں شفافیت لانے اور بحالی کے عمل کیلئے اعلیٰ سطحی خودمختار اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا جائے۔ اپنے دفتر میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے فرحان شہزاد نے کہا کہ بہت سے معاملات ایسے ہیں جن کے لئے گفت وشنید کی ضرورت ہے لیکن موجودہ دور میں سیاست میں جس طرح کی تلخی پائی جاتی ہے اس طرح کی کسی بھی بحث کا آغاز صرف وقت کا ضیاع ہوگا۔ وفاق میں پی ڈی ایم کی صورت میں کئی جماعتوں کی حکومت ہے لیکن بتایا جائے جو میثاق معیشت کی بات کر رہے ہیں انہوں نے ابھی تک اس کے لئے اپنے طور پر کیا پیش قدمی کی ہے تا کہ بال اپوزیشن کی کورٹ میں پھینکی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام ضروری ہے

سرگودھا: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز نے دفتر ریسکیو 15 کا دورہ کیا، انچارج ریسکیو 15 نے بریفنگ دی

نیب ترمیمی بل سے احتساب کا عمل دفن ہوگیا

رانا شمیم کے جھوٹے بیان حلفی پر معافی سے پراپیگنڈا کوئین کا ایک اور جھوٹ بے نقاب ہوگیا' اسلم اقبال

نیب ترمیمی بل درحقیقت کرپٹ ٹولے کیلئے این آر او 2 ہے، اقتدار میں بیٹھے چوروں پر کوئی اعتبار کرنے کو تیار نہیں

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ نیب ترمیمی بل درحقیقت کرپٹ ٹولے کیلئے ایک اور این آر او ہے، این آر او ٹو کے تحت احتساب عدالتوں سے کرپشن کے ریفرنس واپس ہونا شروع ہوگئے ہیں، ریفرنسز کی واپسی سے رجیم چینج سازش بھی بے نقاب ہوگئی، نیب ترمیمی بل سے احتساب کا عمل دفن ہوگیا، برسوں سے قومی خزانے پر ہاتھ صاف کرنے والوں کو ریلیف مل گیا ہے۔

اس وقت قوم کی نظریں نواز شریف پر لگی ہوئی ہیں' سلیم رضا

سلیکٹڈ عمران خان نے ملک وقوم میں جو نفرت کے بیج بوئے ہیں اسکے حساب کا وقت آگیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ اس وقت قوم کی نظریں نواز شریف پر لگی ہوئی ہیں، نواز شریف کی وطن واپسی پر ان کا تاریخی استقبال کیا جائے گا جس کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں، عمران خان نے ملک وقوم میں نفرت کے بیج بوئے ہیں

ملکہ کی تمام وراثت نئے برطانوی بادشاہ چارلس کو منتقل

ملکہ کی ذاتی دولت 370 ملین پاؤنڈز، زیادہ تر آرٹ ورک سے حاصل ہوئی، رپورٹ

لندن (این این آئی) ملکہ الزبتھ دوم کے انتقال کے بعد ان کی شاہی وراثت نئے بادشاہ چارلس سوم کو منتقل کر دی گئی ہے، ملکہ الزبتھ دوم برطانیہ کی امیر ترین خواتین میں سے ایک تھیں، زیورات، محلات اور جائیدادیں شاہ سوم کو منتقل کر دی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانیہ کی امیر ترین خواتین میں سے ایک ملکہ الزبتھ کو محلات، شاہی تاج کے زیورات اور جائیدادیں وراثت میں ملی تھیں، وہ کئی منفرد اور غیر متوقع چیزوں کی بھی مالک تھیں اور اب ان کی وفات کے بعد یہ تمام اشیا نئے بادشاہ چارلس سوم کو منتقل کر دی گئی ہیں۔

ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر احمد گھیبہ کی دبنگ کاروائی

قوم لوط کا پیروکار 24 گھنٹوں میں گرفتار مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل

گوجرخان (قمر شہزاد) ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر احمد گھیبہ اور انکی ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بچے کے ساتھ زیادتی کے مرتکب ملزم کو فوری گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا پولیس تھانہ گوجرخان کی اس کاروائی پر ایس پی صدر زنیر احمد چیمہ نے شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ بچوں اور عورتوں کے ساتھ زیادتی اور تشدد ناقابل برداشت ہے اور اس پر راولپنڈی پولیس زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ مدعی مقدمہ نے تھانہ گوجرخان میں درخواست دیتے ہوئے بتایا کہ میرے 11 سالہ بھانجے کو فیضان نامی لڑکے نے بھلا پھسلا کر اس کے ساتھ زبردستی زیادتی کی پولیس تھانہ گوجرخان نے مدعی کی درخواست پر مقدمہ درج (بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں جبکہ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں۔ سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے (بقیہ نمبر 9)

اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل کا تجاوزات کیخلاف آپریشن

جی ٹی روڈ انڈر پاس پر موجود قدیم تجاوزات کا شیرازہ بکھیر کر رکھ دیا، انفورسمنٹ ٹیم کی ہیوی مشینری کے ساتھ انٹری

ریونیو، بلدیہ سٹاف انفورسمنٹ ٹیم، پولیس فورس اور صحافی برادری کا میں شکر گزار ہوں مہر غلام عباس ہرل

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل نے گوجرخان شہر کی تاریخ میں تجاوزات مافیاز کے خلاف ایک بہت ہی سٹرانگ آپریشن کیا اے سی گوجرخان نے گوجرخان میں ایک تاریخ رقم کر دی گوجرخان کی تاریخ میں تجاوزات کے خلاف اس سے پہلے ایسا بلاتفریق آپریشن نہیں دیکھا گیا جو ہر طرح کے دباؤ اور مافیاز کے اوچھے ہتھکنڈوں کو بالاطاق رکھتے (بقیہ نمبر 14)

اسسٹنٹ کمشنر مہر غلام عباس ہرل کا گوجرخان شہر کی تاریخ میں تجاوزات مافیاز کے خلاف ایک بہت ہی سٹرانگ آپریشن

جعلی مولوی کے ہوتے ہوئے کسی اور فتنے کی ضرورت نہیں

سازشی ٹولے نے پاکستانی معیشت کا بیڑہ غرق کردیا، علی امین گنڈاپور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق وزیر علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ جعلی مولوی کے ہوتے ہوئے ملک کو کسی اور فتنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنے بیان میں سابق وزیر نے کہا کہ فضل الرحمان جو عزائم لے کر سازش کا آلہ کار بنا وہ کبھی پورے ہوئے نہ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل رسوائی سے دین فروش مولوی کا ذہنی توازن خراب ہو چکا ہے،

سرگودھا' تھانہ فیکٹری ایریا پولیس اور محافظ سکواڈ کی کارروائی کے دوران دو منشیات فروس گرفتار

گوادر میں بااختیار خواتین، 50 خواتین نے ہنرمندی کی تربیت حاصل کرلی

اسلام آباد (این این آئی) پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ (پی سی ٹی اینڈ وی آئی) میں 50 طالبات نے اپنے چھ ماہ کے کورسز مکمل کرنے کے بعد 15 دن کی مفت ہینڈ آن ٹریننگ حاصل کر لی۔ گوادر پرو کے مطابق یہ کورس خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے چین کی کوششوں کا ایک حصہ ہے، جو انہیں گوادر فری زونز کے ساتھ ساتھ قومی اور بین الاقوامی سطح پر مسابقتی منڈیوں کیلئے (بقیہ نمبر 11)

یوٹیلٹی اسٹورز پر متعدد اشیا کی قیمتوں میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلٹی اسٹورز پر مختلف برانڈز کی متعدد اشیا کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایک کلو کپڑے دھونے کا پاؤڈر 75 روپے جبکہ بچوں کے ڈائپر 348 روپے تک مہنگے کردیئے گئے، ڈائپر کا سال سائز کا پیک 1352 سے بڑھا کر 1700 روپے کا کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 100 گرام ٹوتھ پیسٹ کی قیمت 10 روپے تک اضافے کے (بقیہ نمبر 10)

امپورٹڈ حکومت نے عام آدمی کا جینا مشکل کر دیا' نوید شریف

الٹی گنتی شروع ہوچکی، حقیقی آزادی کی تحریک پی ڈی ایم ٹولے کے اقتدار کے خاتمہ کا سبب بنے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما نوید شریف نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت نے عام آدمی کا جینا مشکل کر دیا، وفاقی حکمران غریب عوام کی بھلائی اور ملکی مسائل کے حل کیلئے خاموش تماشائی بن کے بیٹھے رہتے ہیں، الٹی گنتی شروع ہوچکی حقیقی آزادی کی تحریک پی ڈی ایم ٹولے کے اقتدار کے خاتمہ کا سبب بنے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کا راستہ روکنا کسی کے بس کی بات نہیں۔ پاکستان اس وقت شدید معاشی اور سیاسی عدم استحکام سے دو چار ہے۔ عام آدمی کے مسائل میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے

سرگودھا: تھانہ جھاوریاں پولیس کی کارروائی، تین جعلی پولیس والے دھر لیے، مقدمہ درج

گوجرہ، جعلی پیر کی جن اتارنے کے بہانے لڑکی سے مبینہ زیادتی

گوجرہ (این این آئی) گوجرہ میں جعلی پیر نے جن اتارنے کے بہانے لڑکی کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس کے مطابق لڑکی بھائی کے ساتھ دم کرانے آستانے آئی تھی کہ جعلی پیر نے جن اتارنے کے بہانے اس سے مبینہ طور پر زیادتی کی۔ پولیس نے بتایا کہ لڑکی سے مبینہ زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا، لڑکی کا طبی معائنہ کیا جائیگا جس کے بعد معاملے کی مزید تفتیش شروع کی جائیگی۔

ساہیوال، لو میرج کرنے پر صراف کے بیٹے کو گولی ماردی

ساہیوال (این این آئی) صرافہ بازار میں لو میرج کرنے والے نوجوان کو گولیاں مار شدید زخمی کردیا گیا ہے۔ نوجوان کو بے ہوشی کی حالت میں سول ہسپتال انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں داخل کرادیا گیا ہے جہاں نوجوان کی حالت نازک ہے۔ تفصیلات کے مطابق صرافہ بازار کے رانا بختاور علی کے بیٹے حمزہ نے عرصہ تین ماہ قبل پاکپتن کے جنید کی بھانجی تحرین سے کورٹ میرج کرلی۔

سرگودھا: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کا چہلم امام حسین علیہ السلام کے مرکزی جلوس کا دورہ

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز نے گزشتہ روز چہلم امام حسین علیہ السلام کے مرکزی جلوس کا دورہ کیا۔ انہوں نے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور جوانوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ پولیس ملازمین (بقیہ نمبر 5)

سرگودھا' پولیس کی کارروائی' مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار' ناجائز اسلحہ برآمد

سرگودھا: تھانہ جھاوریاں پولیس کی بڑی کاروائی، زنا کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ جھاوریاں سب انسپکٹر علی نواز شاہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ریڈ کر کے زنا کے مقدمہ میں مطلوب مجرم اشتہاری اصغر حیات کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے پسٹل 30 بور اور بندوق 12 بور برآمد کر کے ناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ مقدمہ بھی درج کرلیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

سرگودھا: تھانہ جھاوریاں پولیس کی کاروائی، تین جعلی پولیس والے دھرلیے

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ جھاوریاں سب انسپکٹر علی نواز شاہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ریڈ کر کے تین جعلی پولیس والے گرفتار کر لیے۔ ملزمان عثمان، زاہد اور فیض نے مقامی زمیندار کو اغواء کیا۔ ملزمان وقوعہ کے وقت جعلی وردی میں ملبوس تھے۔ وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقعہ پر پہنچ گئی۔ ملزمان کو گرفتار کر کے مغوی بازیاب کرا لیا گیا۔ ملزمان نے زمیندار کو رشتہ کے تنازعہ پر اغواء کیا۔

سرگودھا: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کا ریسکیو 15 کا دورہ

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز نے دفتر ریسکیو 15 کا دورہ کیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں سے استفسار کیا۔ انچارج ریسکیو 15 نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ تمام موصول (بقیہ نمبر 12)

سرگودھا: پولیس کی جانب سے چرچ ہائے سیکورٹی کے سخت انتظامات

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی خصوصی ہدایت پر چرچ ہائے کی سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ ضلع بھر میں موجود اہم چرچ ہائے پر سرگودھا پولیس کے چھ سو سے زائد مسلح پولیس افسران و ملازمان (بقیہ نمبر 13)

پی ڈی ایم کے پاس کھوکھلے دعوؤں کے سوا کچھ نہیں رہ گیا' ڈاکٹر شاہد

خرم دستگیر، عطاء اللہ تارڑ جیسے موسمی لیڈر شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بننے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے پاس کھوکھلے دعوؤں کے سوا کچھ نہیں رہ گیا، خرم دستگیر اور عطاء اللہ تارڑ جیسے موسمی لیڈر شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بننے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، عمران خان پر تنقید کرنیوالے چور لیٹرے سیاسی بیروزگار اپنا گریبان جھانکیں ہم بولیں گے

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ 0309-7900035

وزیراعظم ملکہ برطانیہ آنجہانی الزبتھ دوم کی (آج) سرکاری سطح پر آخری رسومات میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے

لندن (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف ملکہ برطانیہ آنجہانی الزبتھ دوم کی لندن میں (آج) پیر کو سرکاری سطح پر آخری رسومات میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف پاکستان شہباز شریف برطانیہ پہنچ چکے ہیں، وہ (آج) پیر کو ملکہ برطانیہ کی آخری رسومات میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔

تعطیل کے روز لاہور آلودہ شہروں میں سرفہرست رہا

لاہور (این این آئی) تعطیل کے روز پاکستان کا دوسرا بڑا شہر لاہور دنیا بھر کے بڑے آلودہ شہروں میں سرفہرست رہا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق لاہور کی فضاء میں آلودگی کی مقدار 157 پرٹیکیولیٹ میٹرز ریکارڈ کی گئی۔ اس فہرست میں انڈونیشیاء کا دارالحکومت جکارتہ 153 پرٹیکیولیٹ میٹرز کے ساتھ دوسرے اور چین کا شہر گوانگ زہو 146 پرٹیکیولیٹ میٹرز کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

پنجاب پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل کی خودکشی کا ڈراپ سین

مقتول آصف کا سگا بھائی اے ایس آئی راشد قاتل نکلا مقدمہ درج ملزم گرفتار

گوجرخان (قمر شہزاد) گزشتہ روز تھانہ مندرہ کی حدود جھلیاری میں راولپنڈی پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل آصف کی خودکشی کی خبر سوشل میڈیا پر چلی خودکشی کے اس معاملے کا ڈراپ سین اس وقت سامنے آیا جب مقتول کے والد نے پولیس تھانہ مندرہ کو حقیقت (بقیہ نمبر 15)

سرگودھا: تھانہ پھلروان پولیس کی بڑی کاروائی

قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کرلیا گیا

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ڈی پی او بھلوال نیلوفر حیات کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ پھلروان سب انسپکٹر زوہیب حسن نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ریڈ کر کے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا ہے۔ ملزم نے معمولی تلخ کلامی پر اسامہ نامی شخص کو ناحق قتل کر دیا تھا اور روپوش ہوگیا تھا، پولیس نے (بقیہ نمبر 16)

سرگودھا' ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق عزیز چہلم امام حسین علیہ اسلام کے مرکزی جلوس کا دورہ کرتے ہوئے

لاپتہ افراد ریاست کیلئے چیلنج ہے، احسن اقبال

ہمیں طے کرنا ہوگا کہ اب ملک میں بالادستی آئین کو حاصل ہے یا چند طبقوں کو، معیشت مضبوط نہیں ہوگی تو پاکستان مضبوط نہیں ہوگا، وفاقی وزیر

سرگودھا' تھانہ کوٹ مومن پولیس کی کارروائی کے دوران گرفتار منشیات فروش اور اس سے برآمد شراب

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے لاپتہ افراد کے معاملے کو ریاست کے لیے چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کرنا چاہتی ہے، ہمیں طے کرنا ہوگا کہ اب ملک میں بالادستی آئین کو حاصل ہے یا چند طبقوں کو، معیشت مضبوط نہیں ہوگی تو پاکستان مضبوط نہیں ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کی تحریک بیلٹ اور ووٹ کے ذریعے تھی

پی وائی پی اے کا پیراسیٹامول بنانے کیلئے استعمال ہونیوالے کیمیکل کے آڈٹ کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور فارما انڈسٹری کے درمیان قیمتوں کے تعین کے معاملے پر تعطل کی وجہ سے پیداوار میں کمی کے باعث ملک بھر میں پیراسیٹامول کی قلت کا سامنا ہے جبکہ پاکستان ینگ فارماسسٹ ایسوسی ایشن (پی وائی پی اے) نے حکومت پر (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرم رواں سال سے سول لائنز پولیس کو مطلوب تھا

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم حارث کو گرفتار کرلیا،

راولپنڈی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث عمر گینگ کا سرغنہ 3 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث عمر گینگ کا سرغنہ 3 ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے مسروقہ رقم 1 لاکھ 76 ہزار روپے، 3 موبائل فونز اور وارداتوں میں (بقیہ نمبر 22)

تحصیل سمندری کو ضلع بنانے کا فیصلہ، متعلقہ انتظامیہ سے تفصیلات طلب

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ضلع گجرات کو ڈویژن بنانے کے بعد تحصیل سمندری کو ضلع بنانے کا فیصلہ کرلیا، بورڈ آف ریونیو نے کمشنر فیصل آباد ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے تحصیل سمندری کو ضلع بنانے کیلئے تفصیلات مانگ لی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل سمندری کو (بقیہ نمبر 23)

محکمہ وائلڈ لائف تحصیل گوجرخان انچارج راجہ مبشر جاوید کی کاروائی

ریچھ کے دانت نکال کر تماشہ کروانے والے کو جرمانہ، ریچھ اسلام آباد مینجمنٹ کے حوالے

گوجرخان (قمر شہزاد) محکمہ وائلڈ لائف تحصیل گوجرخان نے ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف راولپنڈی ارفع بتول کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف راولپنڈی راجہ احسان کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر رضوانہ عزیز کی زیرنگرانی تحصیل انچارج گوجرخان مبشر جاوید کی سربراہی میں وائلڈ لائف فیلڈ سٹاف گوجرخان سید عمران، راجہ غلام رسول، راجہ سمیع اختر، ارشد شاہ اور عدنان سخاوت نے وارڈ نمبر 8 گوجرخان میں شوکت نامی شخص کے خلاف ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے ریچھ کو قبضہ میں (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی ڈینگی کیسز میں اضافہ، مریضوں کی تعداد 1400 سے تجاوز کرگئی

راولپنڈی میں ڈینگی وائرس کے کیسز میں مسلسل اضافے کے باعث اسپتالوں میں مریضوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے

تاحال اسپتالوں کے 55 فیصد بیڈز پر مریض موجود ہیں۔ رواں سیزن میں ابتک ڈینگی کا شکار ہونے والے مریضوں کی تعداد 1403 ہوچکی ہیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی میں ڈینگی وائرس کے کیسز میں مسلسل اضافے کے باعث اسپتالوں میں مریضوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے، تاحال اسپتالوں کے 55 فیصد بیڈز پر مریض موجود ہیں۔ رواں سیزن میں ابتک ڈینگی کا شکار ہونے والے مریضوں کی تعداد 1403 ہوچکی ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 76 ڈینگی پازیٹو نئے مریض آچکے ہیں۔ تین اسپتالوں میں ڈینگی پازیٹو مریضوں کی تعداد 145 ہوچکی ہے، تین ہسپتالوں میں 5 ڈینگی مریض تشویشناک حالت سے دوچار ہیں، اسی طرح تین اور اسپتالوں کے 404 بیڈز پر 236 مریض موجود ہیں۔ محکمہ صحت کے مطابق یومیہ آنے والے مریضوں کی (بقیہ نمبر 19)

انصاف یوتھ ونگ ایک مضبوط قوت ہے، سید عارف آفریدی

ملک میں مہنگائی پچھلی انصاف حکومت کی وجہ سے نہیں بلکہ بین الاقوامی مسئلہ تھا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) انصاف یوتھ ونگ کے ضلعی صدر سید عارف آفریدی نے کہا ہے کہ انصاف یوتھ ونگ ایک مضبوط قوت ہے جہاں بھی ضرورت ان پڑی ہو تو یوتھ نے نکل کر ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ الیکشن میں ناکامی (بقیہ نمبر 18)

ڈی سی اسلام آباد کی ہدایت پر اے سی سیکرٹریٹ نے بھارہ کہو (سملی ڈیم روڈ اور ٹھنڈی ٹوئی) کے مختلف علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ کی، پھلوں/سبزیوں کی دکانوں، جنرل سٹورز، چکن/گوشت، ڈیری اور نان شاپس پر پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال کا معائنہ کیا۔ خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانہ اور وارننگز دی گئیں۔

سرگودھا، بجلی کا کرنٹ لگنے سے چار بچوں کی ماں زندگی کی بازی ہار گئی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں گرمی کی ستائی چار بچوں کی ماں پنکھا لگا کر کپڑے دھوتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے زندگی کی بازی ہار گئی جس کو آہوں اور سسکیوں میں سپرخاک کر دیا گیا۔ زرائع شہر کے علاقہ کچی گودی کی بستی میں چار بچوں کی ماں گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لئے پنکھا لگا کر واشنگ مشین پر کپڑے دھونے میں مصروف تھی کہ اچانک پنکھا کا رخ اپنی سمت کرتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگئی جسے آہوں اور سسکیوں میں سپردخاک کردیا گیا۔

سرگودھا میں انجمن ہلال احمر کے ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کو سولر پینل پر منتقل کرنے کیلئے اقدامات شروع کردیئے گئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں انجمن ہلال احمر کے ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کو سولر پینل پر منتقل کرنے کیلئے اقدامات شروع کر دیئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر کی زیر صدارت انجمن ہلال احمر کے اجلاس میں بتایا کہ انجمن ہلال احمر کے ریونیو میں اضافے کیلئے ریونیو جنریشن برانچوں، تحصیلدار، سیکرٹری ڈی آرٹی اے، اسلحہ لائسنس، پٹرول پمپس کے این او سی اور تجدید ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء پر ٹکٹ کا فیصلہ کیا گیا۔ اس طرح سکولوں، یونیورسٹی، میڈیکل کالجوں، چیمبر آف کامرس اور انجمن تاجران کو ہلال احمر کے ٹکٹ جاری کئے جائیں گے۔

سرگودھا: تھانہ فیکٹری ایریا پولیس اور محافظ اسکواڈ کی بڑی کاروائی

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او فیکٹری ایریا سب انسپکٹر جواد گل اور انچارج محافظ سکواڈ سٹی سرکل اسسٹنٹ سب انسپکٹر اسد حیات نے خصوصی ٹیم کے ہمراہ مخبر کی اطلاع پر چک نمبر 79 شمالی میں ریڈ کر کے ملزمان سرفراز اور شریف کو شراب فروخت کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے شراب کی بھاری مقدار 560 لٹر اور دو چالو بھٹی برآمد کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف منشیات فروشی کی دفعات (بقیہ نمبر 20)